# ’شوگر فری‘ اور مصنوعی مٹھاس کی حامل اشیائے خورونوش بھی خطرناک



25اگست (العرابیہ اردو)متحدہ عرب امارات میں ڈاکٹروں نے شہریوں کو خبر دار کیا ہے کہ بظاہر ’شوگر فری ڈرنکس ‘ سے بھی احتیاط کریں کہ یہ بھی امراض قلب، فالج اور شوگر کا باعث بنتے ہیں۔’طبی موضوعات سے متعلق برطانوی جریدے میں شائع ہونے والی ایک رپورٹ میں بیان کیا گیا ہے کہ مصنوعی مٹھاس کی زیادتی عام طور پر ’شوگر فری‘ بوتلوں میں پائی جاتی ہے۔ اشیائے خورد ونوش جن میں مصنوعی مٹھاس استعمال کی جاتی ہیں بشمول ڈائٹ کوک اور ڈائٹ پیپسی کا استعمال ہارٹ اٹیک اور فالج کا باعث بنتا ہے۔یہ اشیاء متحدہ عرب امارات اور پاکستان سمیت دوسرے ممالک کی سپر مارکیٹوں میں عام طور پر موجود ہوتی ہیں اور خوب استعمال کی جاتی ہیں۔ نئی نسل ان سے سب زیادہ متاثر ہو رہی ہے ۔ جس کی صحت کے مسائل ابھی سے سنگینی کی طرف مائل ہیں۔زیادہ برطانوی طبی جریدے کے مطابق کہ دنیا بھر میں 72 بلین ڈالر بوتلوں کی خرید وفروخت سے کمائے جاتے ہیں۔ اس سے ان ڈرنکس کے استعمال کے رجحان کا اندازہ کیا جا سکتا ہے، نیز انسانی صحتوں پر پڑنے والے اثرات بھی سمجھے جاسکتے ہیں ڈاکٹر اس بات سے پریشان ہیں کہ لوگ اپنی خوراک میں چینی کا استعمال بظاہر کم کرنے کے لیے جن اشیا کو شامل کر رہے ہیں یا انہیں استعمال کرائی جاتی ہیں وہ ان کے لیے کسی بھی طرح کم خطرناک ثابت ہوتی ہیں۔العربیہ سے بات کرتے ہوئے این ایم سی رویل ہاسپٹل دبئی میں بطور ان ڈوکرانالوجسٹ کی ذمہ داریاں نبھانے والے ڈاکٹر اشون پنکاجاکشن کہنا تھا عام طور پر سنیکس میں بھی مصنوعی مٹھاس شامل ہوتی ہے لیکن ڈائیٹ پیپسی اور ڈائیٹ کوک میں مصنوعی مٹھاس کی زیادہ مقدار شامل ہوتی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ ’ڈائیٹ کوک کا استعمال کرنے والے سمجھتے ہیں کہ اس سے انھیں نقصان نہیں ہو گا اور بعض لوگ تین یا چار کین بھی پی لیتے ہیں۔ لیکن یہ ٹھیک نہیں ہے۔انھوں نے ڈرنکس کے عادی لوگوں اور ان کی طرف رجحان رکھنے والے لوگوں کو انتباہ کرتے ہوئے کہا’لوگوں کو سوڈا والے مشروبات پینے میں کافی کمی کرنی چاہیے اور مصنوعی مٹھاس سے تیار ہونے والی دہی، آئس کریم اور سیریلز کو بھی کم سے کم لینا چاہیے۔انہوں نے بتایا’ ایک کیمیکل جو بطور خاص انسانی صحت کے لیے نقصان کا باعث ہیں اور ان مصنوعی مٹھاس والی اشیائے خوردو نوش میں’ aspartam‘ ہے جو مصنوعی مٹھاس والی ساٹھ فیصد اشیا میں کام آتا ہے۔ نیز ٹوتھ پیسٹ اور جیمز وغیرہ میں استعمال کیا جانے والا کیمکل ‘Acesulfame ‘ہے۔ کلینیکل ڈائٹیشن اور الشرق ہسپتال فجیرہ کی ماہر غذائیات ڈاکٹر حنان ابراہیم خطیب کا کہنا ہے ’مارکیٹوں میں جو اشیا شوگر فری کہہ کر فروخت کی جاتی ہیں ان میں انسانی فائدے کی کوئی چیز نہیں بلکہ نقصان کی چیزیں ہوتی ہیں، حتیٰ کہ ان میں کلوریز بھی موجود نہیں ہوتی ہیں۔ ‘ان کے مطابق ’ یہ آنتوں میں خرابی پیدا کرنے والی، معدے کا نظام خراب کرنے والی اور آہستہ آہستہ ذیابیطس کا باعث بنتی ہیں۔‘

# ذیابیطس کے مریضوں کیلئے چیاسیڈز کے متعدد فائدے



25اگست (العرابیہ اردو)ڈاکٹرز اور غذائیت کے ماہرین مشورہ دیتے ہیں کہ چیا سیڈز جنھیں اردو میں تخم شربتی بھی کہا جاتا ہے کو اپنی غذا میں باقاعدگی سے شامل کریں۔ کیونکہ ان کے جسم کی صحت پر بہت سے بہتر اثرات مرتب ہوتے ہیں خاص طور پر ذیابیطس کے مریضوں کیلئے اس میں بے شمار فوائد ہیں۔یب ایم ڈی کے مطابق چیا کے بیج اومیگا 3 فیٹی ایسڈ، فائبر، میگنیشیم اور آئرن کا ایک بڑا ذریعہ ہیں۔یہ تمام غذائی اجزاء ٹائپ 2 ذیابیطس کی پیچیدگیاں پیدا ہونے کے خطرے کو کم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔اچھی طرح سے متوازن غذا کے ساتھ چیا کے بیجوں کو باقاعدگی سے کھانے سے وزن کم کرنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ سب جانتے ہیں کہ وزن کم کرنا ذیابیطس پر قابو پانے میں بھی بہت مدد گار ہے۔ چیا سیڈز اپنی فطرت میں سوزش کے خلاف ہیں۔ لہذا یہ خون میں اضافی گلوکوز کی مقدار کو کنٹرول کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ تخم شربتی میں فائبر ہوتا ہے۔ ذیابیطس کے مریض کیلئے روزانہ دو کھانے کے چمچ یا20 گرام چیاسیڈز چپانے کی تجویز دی جاتی ہے۔ڈاکٹروں کا مشورہ ہے کہ ایک چمچ چیا کے بیج کو پانی کی بوتل میں بھگو کر اس میں لیموں کے پتلے ٹکڑے ڈالیں اور ایک گھنٹے بعد پی لیں۔ذیابیطس کی خوراک میں چیاسیڈز کو شامل کرنے کا دوسرا طریقہ سبزیوں اور پھلوں کے سلاد کے ساتھ ہے۔ چیاسیڈز کو شامل کرنے سے سلاد فائبر سے بھرپور ہو جائے گا اور بلڈ شوگر کی سطح کو مستحکم رکھنے میں بھی مدد ملے گی۔اگرچہ چیاسیڈز کے ذیابیطس مریضوں کے لئے متعدد فوائد ہیں تاہم چیا سیڈز کا بہت زیادہ استعمال مسائل کا باعث بن سکتا ہے۔ اس کے کچھ ضمنی اثرات، جن میں ذیابیطس، ہائی بلڈ پریشر، الرجی، یاہاضمے کے مسائل شامل ہیں، پیدا ہوسکتے ہیں۔لہذا خبر دار رہیے کہ تجویز کردہ مقدار سے زیادہ تخم شربتی کا استعمال سائیڈ ایفیکٹس کا باعث بھی بن سکتا ہے۔ خون میں گلوکوز کی سطح حد سے زیادہ کم ہو سکتی ہے۔

# نظر کی درستی کی نئی تکنیک...بغیر لیزر صرف ایک منٹ میں!



25اگست (العرابیہ اردو) سائنس دانوں کی ایک ٹیم نے آنکھ کے قرنیہ کو دوبارہ شکل دینے کے لیے ایک نئی غیر جراحی تکنیک تیار کی ہے، جس میں ہلکی برقی رو اور تیزابیت میں عارضی تبدیلی استعمال کی جاتی ہے۔ابتدائی تجربات سے ظاہر ہوا ہے کہ یہ تکنیک روایتی سرجری کے بغیر ”نزدیک بینی“ کے علاج میں کامیاب رہی ہے اور یہ بصارت کی اصلاح کی ٹیکنالوجی میں لیزر سرجری(LASIK) کے بعد ایک بڑی پیش رفت ثابت ہو سکتی ہے۔یہ نمایاں ہوتا طریقہ کار جسے ”الیکٹرو مکینیکل ری شیپنگ“ (EMR) کہا جاتا ہے، قرنیہ کو ہلکی برقی رو کے ذریعے دوبارہ شکل دیتا ہے۔ اسے اوکسڈینٹل کالج اور یونیورسٹی آف کیلیفورنیا کے محققین نے تیار کیا اور اسے امریکی کیمیکل سوسائٹی کی خزاں 2025 کی میٹنگ میں پیش کیا گیا، یہ بات ”نیو اٹلس“ ویب سائٹ نے بتائی۔ محققین نے دریافت کیا کہ خاص طور پر تیار کردہ پلاٹینم ”کانٹیکٹ لینس“ الیکٹروڈ کے ذریعے ہلکی برقی رو دینے سے قرنیہ کے ٹشوز کی تیزابیت میں تبدیلی آتی ہے، جس سے یہ اتنے نرم ہو جاتے ہیں کہ انھیں دوبارہ شکل دی جا سکے۔ جیسے ہی برقی رو بند ہوتی ہے اور تیزابیت معمول پر آتی ہے، قرنیہ دوبارہ سخت ہو جاتا ہے اور سانچے کے مطابق اپنی شکل برقرار رکھتا ہے۔یہ پورا عمل تقریباً ایک منٹ میں مکمل ہو جاتا ہے اور اس میں کسی قسم کا کٹاؤ یا ٹشوز کو ہٹانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اب تک کیے گئے تجربات میں نہ تو کسی ساختی نقصان اور نہ ہی خلیوں کی موت کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ محققین کا خیال ہے کہ EMR ٹیکنالوجی مستقبل میں لیزک سرجری کی جگہ لے سکتی ہے۔ کیلیفورنیا یونیورسٹی کے پروفیسر اور سرجن، برائن وونگ نے بتایا”یہ پورا عمل دراصل اتفاقیہ طور پر دریافت ہوا۔ میں زندہ ٹشوز کو قابلِ تشکیل مواد کے طور پر دیکھ رہا تھا اور اسی دوران یہ کیمیائی تبدیلی کا پورا عمل دریافت ہوا۔“تاہم، EMR ٹیکنالوجی ابھی ترقی کے ابتدائی مراحل میں ہے اور اس پر صرف محدود تجربات ہی کیے گئے ہیں۔ تحقیق کے مرکزی محقق اور اوکسڈینٹل کالج کے کیمیا کے پروفیسر، مائیکل ہیل، نے کہا”ابھی جو کچھ حاصل کیا گیا ہے اور اس کے طبی و تجارتی استعمال کے درمیان لمبا سفر باقی ہے۔ لیکن اگر تجربات کامیاب ہوگئے تو یہ ٹیکنالوجی بڑے پیمانے پر قابلِ عمل، کہیں زیادہ کم خرچ اور ممکنہ طور پر قابلِ واپسی بھی ہو سکتی ہے۔“

# یوگا نیند بہتر بنانے کے لیے سب سے مؤثر ورزش ہے ماہرین



25اگست ،(بی بی سی)ایک نئی تحقیق میں انکشاف کیا گیا ہے کہ یوگا کی باقاعدہ مشق نیند کی خرابیوں کو کم کرنے اور نیند کے معیار کو بہتر بنانے میں دیگر تمام ورزشوں کے مقابلے میں زیادہ مؤثر ہے۔ تحقیقی رپورٹ میں 30 مختلف تجربات کا تجزیہ کیا گیا جن میں ڈھائی ہزار سے زائد افراد شریک تھے۔ یہ شرکا مختلف عمر کے ایسے لوگ تھے جو نیند کی کمی یا بے خوابی جیسے مسائل کا شکار تھے۔ چینی شہر ہاربن کی اسپورٹس یونیورسٹی کے محققین نے بتایا کہ اگر ہفتے میں دو بار 30 منٹ سے کم وقت کے لیے یوگا کیا جائے تو یہ نیند کی کمی کا بہترین علاج ثابت ہوسکتا ہے۔ تحقیق کے مطابق واک دوسری بہترین ورزش قرار دی گئی جبکہ مزاحمتی ورزش تیسرے نمبر پر رہے۔ ان ورزشوں کے مثبت اثرات صرف 8 سے 10 ہفتوں میں سامنے آ گئے۔یہ نتائج 2023ء کی ایک سابقہ تحقیق سے مختلف ہیں جس میں کہا گیا تھا کہ ہفتے میں تین بار ایروبک یا درمیانی شدت کی ورزش نیند کے معیار میں سب سے زیادہ بہتری لاتی ہے۔ تاہم حالیہ تجزیے میں شامل ایک مطالعہ نے واضح کیا کہ یوگا کے اثرات دیگر ورزشوں کے مقابلے میں زیادہ نمایاں ہیں۔ماہرین کے مطابق یوگا کی شدت اور طریقہ کار مختلف ہوسکتا ہے، اسی لیے ہر تحقیق کے نتائج بھی مختلف نکلتے ہیں۔یوگا دل کی دھڑکن کو تیز کرتا ہے، پٹھوں کو حرکت دیتا ہے اور سانسوں کے نظام کو منظم کرتا ہے۔ یہ عوامل اعصابی نظام کو آرام دینے اور ہاضمے کو بہتر بنانے میں مددگار ہوتے ہیں۔کچھ مطالعات سے یہ بھی پتا چلا ہے کہ یوگا دماغی لہروں کی سرگرمی کو متوازن کر کے گہری نیند میں مدد فراہم کرتا ہے۔ اگرچہ عمومی طور پر ورزش نیند کے لیے فائدہ مند ہے لیکن طویل المیعاد بنیادوں پر مختلف ورزشوں کے اثرات کا تقابلی مطالعہ اب بھی محدود ہے۔چین کی ہاربن اسپورٹس یونیورسٹی کے محققین نے خبردار کیا ہے کہ ان نتائج کو احتیاط سے لینا چاہیے کیونکہ شامل مطالعات کی تعداد محدود ہے اور ہر شخص کے جسم اور دماغ کی کیفیت مختلف ہوتی ہے۔

# کیا چہرے کی یوگا مشقیں جلد کے ڈھیلے پن کا علاج ہیں؟




25اگست(سائنس جرنل)کاسمیٹک ٹریٹمنٹ خواہ طبی ذریعے سے ہو یا جراحی کے ذریعے ... یہ جلد کی بڑھاپے کی علامات سے نمٹنے کے کئی حل فراہم کرتے ہیں۔ ان کے متبادل بھی متنوع ہیں، جن میں چہرے کی یوگا شامل ہے، جو تیزی سے مقبول ہو رہی ہے اور سوشل میڈیا پر وڈیوز کی صورت میں پھیل رہی ہے۔ اس کے بارے میں دعویٰ ہے کہ یہ باریک لکیروں اور جھریوں کو کم کرتی ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا یہ جلد کے ڈھلکنے کے علاج میں مؤثر ہے؟اس میں 20–30 منٹ کی باقاعدہ مشقوں سے چہرے کے پٹھوں کو مضبوط کیا جاتا ہے، جس سے چہرے پر کچھ حد تک کھنچاؤ آتا ہے۔ تاہم ماہرین جلد واضح کرتے ہیں کہ جلد کا ڈھلکنا بنیادی طور پر کولیجن اور الاسٹین فائبرز کے نقصان، چربی کی کمی اور گہرے لیگامنٹس کی کمزوری کی وجہ سے ہوتا ہے، جن پر یوگا کا اثر محدود اور سطحی ہے۔اب تک کوئی سائنسی تحقیق یہ ثابت نہیں کرتی کہ یوگا... جلد یا اس کو سہارا دینے والے ڈھانچے پر گہرا اثر ڈالتی ہے۔ نوجوان جلد اس سے حفاظتی فائدہ اٹھا سکتی ہے، مگر بڑی عمر اور ڈھلکی ہوئی جلد کو اس کے ساتھ طبی یا جراحی علاج کی بھی ضرورت رہتی ہے۔ماہرین خبردار کرتے ہیں کہ غلط یا حد سے زیادہ مشق برعکس اثر ڈال سکتی ہے، جیسے چہرے کے زیادہ کھنچاؤ سے نئی جھریاں یا ڈھلکنے کا بڑھ جانا۔ گالوں کی بار بار کھنچائی اور بھنوؤں کا مسلسل سکیڑنا عمر رسیدگی کے آثار تیز کر سکتا ہے، خاص طور پر اگر جلد پہلے ہی کمزور ہو۔چہرے کی یوگا طبی یا جراحی علاج جیسے ریڈیو فریکوئنسی، لیزر، یا بایو اسٹیمولیشن انجیکشن کا متبادل نہیں، بلکہ ایک تکمیلی طریقہ ہے۔ اس کے ساتھ روزانہ سن اسکرین، متوازن غذا، باقاعدہ ورزش، نیند، سگریٹ نوشی سے پرہیز اور روزانہ نم دار جلد کو جوان رکھنے اور قبل از وقت بڑھاپے سے بچانے میں مددگار ہیں۔

# آپ کے خون میں تیزی سے شکر کی مقدار کم ہونے کی نشانیاں کیا ہیں؟



25اگست ،(بی بی سی اردو) خون میں شکر [بلڈ شوگر] کا توازن انسانی جسم میں توانائی کا بنیادی ذریعہ ہے اور اس میں معمول کی سطح کو برقرار رکھنا انسانی صحت اور تندرستی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ تاہم ذیابیطس کے مرض میں مبتلا ہر شخص جانتا ہے کہ خون میں شکر کی سطح کا70 mg/dL سے نیچے گرنا ایک عام بات ہے۔ یہ کسی بھی انسان لاحق ہو سکتی ہے۔ کام کاج میں بے چینی یا پریشان ہونے لگتی ہے۔ اگرچہ خون میں شکر کی مقدار بڑھنے کا فوری حل ممکن ہو سکتا ہے، لیکن ہمیشہ ڈاکٹر سے ملنے اور مسئلہ کا فوری علاج کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔ جب علاج نہ کیا جائے تو کم بلڈ شوگر سنگین پیچیدگیوں کا باعث بن سکتی ہے اور غیر معمولی حالات میں یہ موت تک بھی لے جا سکتی ہے۔ طبی مشوروں کی ویب سائٹ ’Eat This Not that‘ نے غذائی ماہر Bonnie Taub-Dix، Read It Before You Eat It کے مصنف سے پوچھا آپ کو لیبل سے ٹیبل تک لے جا رہے ہیں، اس بارے میں کہ لو بلڈ شوگر اور کم بلڈ شوگر کی علامات کے بارے میں کیا جاننا چاہیے۔ڈاکٹر Taub-Dix کہتی ہیں کہ خون میں شوگر کی سطح بہت سی چیزوں سے متاثر ہو سکتی ہے جن میں خوراک، نیند کی عادات اور ورزش کے معمولات شامل ہیں۔ خون میں شوگر کی سطح اس بات پر بھی منحصر ہو سکتی ہے کیا کسی شخص کو کچھ طبی عوارض لاحق ہیں جیسے ذیابیطس یا ہائپو گلیسیمیا وغیرہ۔ خون میں شوگر دونوں کو خوراک، ورزش اور ادویات کے ذریعے کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ بلڈ شوگر کی سطح دن بھر بڑھ سکتی ہے اور گر سکتی ہے، لیکن مقصد ہمیشہ اسے معمول کی حد میں رکھنا ہے۔ ”خون میں شوگر کی سطح میں اچانک کمی اس وقت ہو سکتی ہے جب کوئی شخص بغیر کھائے، خاص طور پر ورزش کرنے کے بعد کافی دیر تک چلتا رہا ہو۔ کچھ لوگ خون میں شوگر کی سطح کم ہونے کا بھی شکار ہوتے ہیں یا دوائیوں کی وجہ سے بلڈ شوگر میں کمی کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ڈکس بتاتی ہیں کہ جن لوگوں کو ذیابیطس ہے ان کے لیے بہت زیادہ انسولین لینا بھی خون میں گلوکوز کی سطح کو خطرناک حد تک بے ترتیب اور کم کرنے کا سبب بن سکتا ہے۔ بیماری کی بعض صورتوں میں جیسا کہ فلو، متلی اور قے جیسی علامتیں ظہور پذیر ہو سکتی ہیں۔ کھانے کی مقدار محدود ہو تو انسان کو چکر آنے لگتے ہیں۔ کم بلڈ شوگر کی وجہ سے کمزوری کا شکار ہو سکتا ہے۔ڈاکٹر ڈکس کے مطابق ”کم بلڈ شوگر ناقابل یقین حد تک خطرناک ہو سکتا ہے، خاص طور پر اگر کوئی شخص کار چلا رہا ہو، سائیکل چلا رہا ہو، مشینری چلا رہا ہو، یا اگر وہ اکیلا ہو یہ گرنے کا سبب بن سکتا ہے۔ خون میں شکر کی سطح میں کمی سے کوئی شخص گر بھی سکتا ہے اور اس کے سر میں شدید چوٹیں بھی آ سکتی ہیں۔ماہر صحت کا مشورہ ہے کہ اگر کسی شخص کو ”خون میں شوگر کی سطح کم ہونے کا رجحان، جس کی علامات میں چکر آنا، چکر آنا، کمزوری، سستی یا ارتکاز کی کمی“ محسوس ہو تو ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے۔

# روزانہ 10 ہزار قدم چلنے سے بھی وزن کم نہیں ہوتا: حیران کن تحقیق



25اگست ،(کنیڈا میل) پچھلے کچھ سالوں میں یہ نظریہ کہ روزانہ 10,000 قدم چلنا صحت اور وزن میں کمی کی کلید ہے۔ برطانوی اخبار ”دی انڈیپنڈنٹ“ کے جریدے او بیسٹی کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ دس ہزار قدم چلنا درحقیقت وزن میں اضافے کو نہیں روک سکے گا اور نہ ہی وزن میں کمی کا باعث بنے گا۔ ایک حالیہ مطالعہ پائیدار جسمانی سرگرمی کے لئے ایک نیا فائدہ ظاہر کرتا ہے۔ برمنگھم ینگ یونیورسٹی کے شعبہ ورزش سائنس کے محققین نے ڈائیٹیٹکس اور فوڈ سائنسز کے شعبہ کے ماہرین کے ساتھ مل کر یونیورسٹی میں نئے افراد کے ایک گروپ پر ایک مطالعہ کیا۔ کالج کے پہلے چھ مہینوں کے دوران 120 طالبات کے ڈیٹا کا تجزیہ کیا گیا جنہوں نے مرحلہ وار گنتی کے تجربے میں حصہ لیا، جو 10,000، 12,500 یا 15,000 قدم فی دن، ہفتے میں 6 دن وہ مسلسل 24 ہفتوں تک چلتی رہیں۔ اعداد و شمار میں طالبات کے قدموں اور کیلوریز کی تعداد اور ان کا وزن بھی شامل تھا محققین نے دریافت کیا کہ چلے گئے قدموں کی تعداد مطالعہ میں خواتین طالب علموں کو زیادہ وزن حاصل کرنے سے نہیں روک سکی، یہاں تک کہ شرکاء میں سے جو روزانہ 15,000 قدم چلتی ہیں۔ مطالعہ کی مدت کے اختتام پر یہ بھی پایا گیا کہ طالبات نے اوسطاً 1.5 کلو گرام کا وزن بڑھایا، جو کہ اضافی وزن ہے جو عام طور پر یونیورسٹی میں پہلے سال کے طالب علموں کے دوران حاصل کیا جاتا ہے۔ جب کہ محققین نے لکھا ہے کہ قدموں کی تعداد کے لحاظ سے شرکاء میں وزن میں کمی کا نہ ہونا ایک حیران کن نتیجہ ہے۔

# سرگیو گور کا پس منظر

تحریر: فارق فرانی

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سرگیو گور کو انڈیا میں امریکی سفیر مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ تاہم امریکی سینیٹ سے ان کی تقرری کی منظوری ابھی باقی ہے۔ اس خبر نے نہ صرف امریکی سیاسی حلقوں میں بلکہ جنوبی ایشیا خصوصاً انڈیا اور پاکستان میں بھی گہری دلچسپی کو جنم دیا ہے۔ یہ اعلان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب انڈیا اور امریکہ کے تعلقات تجارتی تنازعات اور جغرافیائی سیاست کے تناظر میں نازک دور سے گزر رہے ہیں۔

ٹرمپ کا اعلان اور اس کے محرکات

جمعے کو صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی سوشل میڈیا ویب سائٹ 'ٹروتھ سوشل' پر یہ اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وہ سرگیو گور کو انڈیا میں امریکہ کا اگلا سفیر اور جنوبی و وسطی ایشیا کے لیے خصوصی ایلچی نامزد کر رہے ہیں۔ ٹرمپ نے لکھا کہ انہیں دنیا کے سب سے زیادہ آبادی والے خطے میں ایک ایسے شخص کی ضرورت ہے جس پر وہ مکمل اعتماد کر سکیں اور جو ان کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں مدد دے۔ ٹرمپ نے سرگیو گور کو ایک شاندار سفیر قرار دیتے ہوئے مبارکباد بھی دی۔

ٹرمپ کے اس فیصلے کے پیچھے کئی محرکات کارفرما ہیں۔ ایک جانب امریکہ کو انڈیا کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانا ہے تو دوسری جانب چین کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کو متوازن کرنے کی ضرورت بھی موجود ہے۔ مزید یہ کہ انڈیا اور امریکہ کے درمیان تجارتی معاملات، خصوصاً ٹیرف اور درآمدی محصولات کے مسائل، حالیہ کشیدگی کی بڑی وجہ ہیں۔

سرگیو گور کا پس منظر

سرگیو گور کی عمر محض 39 سال ہے اور وہ انڈیا میں اب تک کے سب سے کم عمر امریکی سفیر ہوں گے۔ ان کا اصل خاندانی نام 'گوروکوسکی' ہے اور وہ 1986 میں اس وقت کے سوویت یونین (ازبکستان) میں پیدا ہوئے۔ سنہ 1999 میں ان کا خاندان امریکہ منتقل ہو گیا جب وہ صرف 12 برس کے تھے۔ ان کے والد یوری گوروکوسکی سوویت فوج کے لیے ہوائی جہاز ڈیزائن کرنے والے انجینیئر تھے جبکہ ان کی والدہ کا تعلق اسرائیل سے بتایا جاتا ہے۔

امریکہ منتقل ہونے کے بعد سرگیو گور نے لاس اینجلس کے مضافات میں ہائی اسکول سے تعلیم حاصل کی اور پھر جارج واشنگٹن یونیورسٹی، واشنگٹن ڈی سی سے اپنی تعلیم مکمل کی۔ سیاست میں ان کی دلچسپی ابتدائی عمر سے ہی نمایاں رہی۔ سنہ 2008 میں انہوں نے ریپبلکن صدارتی امیدوار جان مکین کی مہم میں فعال کردار ادا کیا۔ اس کے بعد وہ ریپبلکن پارٹی کے اندر مختلف حیثیتوں میں خدمات انجام دیتے رہے اور ٹرمپ کے قریبی ساتھی کے طور پر ابھرے۔

ٹرمپ کے 'دائیں ہاتھ' کا خطاب

امریکی میڈیا سرگیو گور کو ٹرمپ کا 'دائیاں ہاتھ' بھی قرار دیتا ہے۔ وہ ٹرمپ کے ساتھ کئی برسوں سے جڑے ہوئے ہیں اور ان کی سیاسی مہمات اور کتابوں کی اشاعت میں بھی اہم کردار ادا کر چکے ہیں۔ صدارتی عملے کے ڈائریکٹر کے طور پر گور نے ریکارڈ وقت میں وفاقی حکومت کے محکموں میں ہزاروں افراد کو تعینات کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ تاہم گور کی شخصیت متنازعہ بھی رہی ہے۔ ان پر یہ الزامات لگتے رہے ہیں کہ انہوں نے ایلون مسک کے ساتھ ٹرمپ کے تنازع میں کردار ادا کیا۔ خود مسک نے گور کو 'سانپ' قرار دیا تھا۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ گور کی حکمت عملی اور فیصلے بعض اوقات انتہائی سخت اور سیاسی محاذ آرائی پر مبنی ہوتے ہیں۔

سینیٹ کی منظوری اور ممکنہ مشکلات

اگرچہ صدر ٹرمپ نے گور کی تقرری کا اعلان کیا ہے لیکن امریکی آئین کے مطابق کسی بھی سفیر کی نامزدگی کی حتمی منظوری سینیٹ دیتی ہے۔ اس وقت ٹرمپ انتظامیہ کو سینیٹ میں مختلف امور پر مخالفت کا سامنا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ سوال کھڑا ہو رہا ہے کہ آیا گور کو بروقت منظوری مل سکے گی یا نہیں۔

تجزیہ کاروں کا خیال ہے کہ انڈیا میں اس وقت امریکی سفیر کی غیر موجودگی دونوں ملکوں کے تعلقات کے لیے نقصان دہ ہے۔ جنوری میں ایرک گارسیٹی کے جانے کے بعد سے دہلی میں امریکی سفارتخانہ مستقل سفیر کے بغیر کام کر رہا ہے۔ اس خلا کو پر کرنے کے لیے گور کی تقرری ناگزیر قرار دی جا رہی ہے۔

انڈیا امریکہ تعلقات کا تناظر

امریکہ اور انڈیا کے تعلقات گزشتہ دو دہائیوں میں نمایاں حد تک بہتر ہوئے ہیں لیکن اب بھی کئی مسائل موجود ہیں۔ انڈیا کی جانب سے روس سے تیل کی خریداری پر امریکہ نے تنقید کی ہے۔ دوسری طرف ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے انڈیا پر 50 فیصد ٹیرف عائد کرنے کے اعلان نے تعلقات کو مزید کشیدہ کر دیا ہے۔ یہ ٹیرف 27 اگست سے نافذ العمل ہونے والا ہے۔ ایسے حالات میں سرگیو گور کو ایک مشکل ترین ماحول میں سفارتکاری کی ذمہ داریاں سنبھالنی ہوں گی۔ انہیں نہ صرف تجارتی تنازعات کو حل کرنا ہوگا بلکہ انڈیا کو چین کے قریب جانے سے روکنے کے لیے بھی حکمت عملی وضع کرنا ہوگی۔

سرگیو گور کو جنوبی و وسطی ایشیا کے لیے خصوصی ایلچی بھی نامزد کیا گیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ نہ صرف انڈیا بلکہ پورے خطے کے حوالے سے پالیسی سازی میں براہ راست شامل ہوں گے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق اس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ امریکہ ایک بار پھر انڈیا اور پاکستان کو ایک ہی تناظر میں دیکھنے کی پالیسی اختیار کر سکتا ہے۔ پاکستان کے لیے یہ تقرری خاص اہمیت رکھتی ہے کیونکہ حالیہ برسوں میں امریکہ اور پاکستان کے تعلقات اتار چڑھاؤ کا شکار رہے ہیں۔ افغانستان سے امریکی انخلا کے بعد واشنگٹن نے اسلام آباد پر وہ توجہ نہیں دی جو ماضی میں دی جاتی تھی۔ تاہم اگر گور جنوبی ایشیا کے خصوصی ایلچی کے طور پر فعال کردار ادا کرتے ہیں تو پاکستان کے ساتھ تعلقات میں بھی نئی جہت پیدا ہو سکتی ہے۔

امریکی وزیر خارجہ اور دیگر رہنماؤں کا ردعمل

امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے ٹرمپ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ گور امریکہ کے بہترین نمائندے ہوں گے۔ دوسری جانب بعض ڈیموکریٹ رہنماؤں نے اس تقرری پر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ ان کے خیال میں گور کا سیاسی تجربہ محدود ہے اور وہ سفارتکاری کے بجائے سیاسی محاذ آرائی کے لیے زیادہ مشہور ہیں۔

گور کی شخصیت اور تنقید

سرگیو گور ایک متحرک، پرجوش اور وفادار شخصیت کے طور پر جانے جاتے ہیں لیکن ان کے مخالفین انہیں سخت گیر اور غیر روایتی بھی قرار دیتے ہیں۔ ایلون مسک کے ساتھ تنازع اور سیکورٹی کلیئرنس کے معاملے میں تاخیر جیسے الزامات ان کی شہرت کو متاثر کر چکے ہیں۔ تاہم ٹرمپ کے نزدیک گور پر مکمل اعتماد ہی ان کی سب سے بڑی طاقت ہے۔

سرگیو گور کی نامزدگی نہ صرف امریکہ اور انڈیا کے تعلقات پر اثر انداز ہوگی بلکہ جنوبی اور وسطی ایشیا کی سیاست پر بھی گہرے اثرات مرتب کرے گی۔ ان کی تقرری کی منظوری سینیٹ سے ملنا باقی ہے لیکن اگر وہ اس منصب پر فائز ہوتے ہیں تو انہیں ایک مشکل اور نازک دور میں امریکی مفادات کی نمائندگی کرنی ہوگی۔

امریکہ اور انڈیا کے درمیان تجارتی تنازعات، روس سے تیل کی خریداری، چین کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ اور پاکستان کے ساتھ تعلقات — یہ سب ایسے مسائل ہیں جن پر گور کو توجہ دینی ہوگی۔ ان کا طرزِ عمل اور حکمت عملی اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا وہ واقعی ٹرمپ کے ایجنڈے کو کامیابی سے آگے بڑھا پاتے ہیں یا نہیں۔

یہ تقرری خطے کے لیے ایک نئے دور کی شروعات بھی ہو سکتی ہے جس میں امریکہ انڈیا کے ساتھ تعلقات کو ترجیح دیتے ہوئے پورے جنوبی ایشیا کو ایک نئے تناظر میں دیکھے گا۔ تاہم یہ سب کچھ سینیٹ کی منظوری اور سرگیو گور کی عملی سفارتکاری پر منحصر ہے

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سرگیو گور کو انڈیا میں امریکی سفیر مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ تاہم امریکی سینیٹ سے ان کی تقرری کی منظوری ابھی باقی ہے۔ جمعے کو امریکی صدر نے کہا کہ وہ سرگیو گور کو انڈیا میں امریکہ کا نیا سفیر اور جنوبی و وسطی ایشیا کے لیے خصوصی ایلچی نامزد کر رہے ہیں۔ گور کو ایسے وقت میں انڈیا کا سفیر بنایا جا رہا ہے جب دونوں ملکوں کے درمیان ٹیرف کے معاملے کی وجہ سے حالات کشیدہ ہیں اور جس کی وجہ سے انڈیا اور چین قریب آتے دکھائی دے رہے ہیں۔ ور اس وقت ٹرمپ انتظامیہ میں 'صدارتی عملے میں تقرریوں کے سربراہ' ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ٹروتھ سوشل پر لکھا کہ 'مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ میں سرگیو گور کو انڈیا میں امریکہ کا اگلا سفیر اور جنوبی اور وسطی ایشیائی امور کے لیے خصوصی ایلچی مقرر کر رہا ہوں۔' 'صدارتی عملے کے ڈائریکٹر کے طور پر سرگیو اور ان کی ٹیم نے ریکارڈ وقت میں ہماری وفاقی حکومت کے ہر محکمے میں تقریباً چار ہزار 'امریکہ فرسٹ' سپورٹرز کو تعینات کیا۔ سرگیو سینیٹ کی جانب سے منظوری تک اپنے موجودہ کردار میں وائٹ ہاؤس میں ہی رہیں گے۔' ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید لکھا کہ 'سرگیو ایک اچھے دوست ہیں جو کئی برسوں سے میرے ساتھ ہیں۔ انھوں نے میری تاریخی صدارتی مہموں پر کام کیا، میری سب سے زیادہ فروخت ہونے والی کتابیں شائع کیں۔' 'دنیا کے سب سے زیادہ آبادی والے خطے (جنوبی اور وسطی ایشیا) میں مجھے کسی ایسے شخص کی ضرورت ہے جس پر میں مکمل اعتماد کر سکوں اور جو میرے ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں مدد کرے تاکہ ہم امریکہ کو دوبارہ عظیم بنا سکیں۔ سرگیو ایک شاندار سفیر ہوں گے۔ مبارک سرگیو۔' سرگیو گور نے ٹرمپ کے اس اعلان پر لکھا کہ 'میں اس اعتماد کے لیے شکر گزار ہوں جو صدر ٹرمپ نے مجھے انڈیا میں امریکہ کا اگلا سفیر اور جنوبی اور وسطی ایشیائی امور کے لیے خصوصی ایلچی کے طور پر نامزد کرنے پر دیا۔ امریکہ کی نمائندگی میری زندگی کا سب سے بڑا اعزاز ہوگا۔' سرگیو گور کا کام کرنے کا انداز بھی متنازعہ رہا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ٹیسلا اور سپیس ایکس کے سربراہ ایلون مسک کے ساتھ ٹرمپ کے تنازع میں ان کا بھی کردار تھا۔

هزار خوف ہو لیکن زبان ہو دل کی رفیق
یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق

روزنامہ شہنشاہ سرینگر

26 اگست 2025 بروز منگلوار

# سائبر سیکورٹی پر اقدامات

جموں و کشمیر حکومت کی جانب سے سرکاری محکموں میں یو ایس بی اور پین ڈرائیو کے استعمال پر پابندی ایک ایسا فیصلہ ہے جو بظاہر سخت محسوس ہوتا ہے لیکن دراصل یہ وقت کی ضرورت بھی ہے۔ ڈیجیٹل دنیا میں جس تیزی سے سائبر خطرات بڑھ رہے ہیں، سرکاری ڈیٹا کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے غیر روایتی مگر موثر اقدامات ناگزیر ہو چکے ہیں۔ آج کے دور میں معلومات ہی اصل طاقت ہیں۔ کسی بھی حکومت کے منصوبے، سکیورٹی پالیسیز، عوامی اعداد و شمار اور حساس فائلیں اگر غلط ہاتھوں میں پہنچ جائیں تو یہ نہ صرف انتظامی معاملات بلکہ قومی سلامتی کے لیے بھی سنگین خطرات پیدا کر سکتی ہیں۔ پین ڈرائیوز اور یو ایس بی ڈیوائسز بظاہر ایک چھوٹا سا آلہ ہیں مگر ان کے ذریعے بڑے پیمانے پر ڈیٹا آسانی سے چوری یا لیک ہو سکتا ہے۔ کئی بار وائرس اور مالویئر بھی انہی راستوں سے سرکاری کمپیوٹرز میں داخل ہوتے ہیں اور پورے نظام کو مفلوج کر دیتے ہیں۔ کمشنر سیکریٹری ایم راجو کی جانب سے جاری حکم نامے میں صاف طور پر واضح کیا گیا ہے کہ اس فیصلے کا مقصد سائبر سیکورٹی کو مضبوط کرنا، حساس معلومات کو تحفظ دینا اور ڈیٹا چوری یا غیر مجاز رسائی جیسے خدشات کو کم سے کم کرنا ہے۔ یہ بات خوش آئند ہے کہ حکومت نے ایک متبادل نظام بھی وضع کیا ہے جس کے تحت اگر کسی محکمے کو کسی خاص ضرورت کے تحت پین ڈرائیو استعمال کرنا پڑے تو وہ باضابطہ اجازت لے کر محدود تعداد میں "وائٹ لسٹڈ" ڈیوائسز استعمال کر سکے گا۔ اس سے ایک طرف مکمل پابندی کے بجائے ضرورت مند محکموں کو ریلیف بھی ملے گا اور دوسری طرف ان ڈیوائسز کا ریکارڈ اور نگرانی بھی ممکن ہو گی۔

یہ فیصلہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ٹیکنالوجی جتنی سہولت فراہم کرتی ہے اتنے ہی خطرات بھی ساتھ لاتی ہے۔ آج دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں سرکاری ڈیٹا کو محفوظ بنانے کے لیے "کلاؤڈ سروسز"، "اینکرپشن" اور "ڈیجیٹل فائر والز" جیسے جدید طریقے اپنائے جا رہے ہیں۔ جموں و کشمیر کو بھی چاہیے کہ وہ صرف پین ڈرائیوز پر پابندی تک محدود نہ رہے بلکہ ایک جامع سائبر سیکورٹی پالیسی مرتب کرے جس میں سرکاری ملازمین کی باقاعدہ تربیت، محفوظ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا استعمال اور باقاعدہ آڈٹ سسٹم شامل ہو۔ البتہ یہ بھی حقیقت ہے کہ پابندی صرف اعلان کرنے سے کامیاب نہیں ہو سکتی۔ اس کے نفاذ کے لیے سخت نگرانی اور مسلسل جائزہ ضروری ہو گا۔ اگر کسی محکمے میں ملازمین متبادل ذرائع اختیار کرتے ہوئے غیر محفوظ طریقوں سے ڈیٹا منتقل کرنے لگیں تو مقصد فوت ہو جائے گا۔ اس لیے اس پالیسی کو کامیاب بنانے کے لیے نہ صرف سختی بلکہ بیداری اور تعاون بھی لازمی ہے۔

# کاروباری منصوبہ نہیں تھا

تحریر: سخر شید کشمیری

دنیا بھر میں خواتین کی کامیابی کی داستانیں ہمیشہ سے متاثر کن رہی ہیں۔ کچھ خواتین ایسی ہوتی ہیں جو اپنی محنت، جنون اور عزم کے ذریعے نہ صرف اپنی زندگی بدل ڈالتی ہیں بلکہ دوسروں کے لیے بھی ایک مثال قائم کر دیتی ہیں۔ برطانیہ سے تعلق رکھنے والی پیچ لوئز ولیمز بھی انہی خواتین میں سے ایک ہیں جنھوں نے صرف اپنے خوابوں اور ایک چھوٹی سی امید کے سہارے ایک ایسا سفر شروع کیا جو آج ایک عالمی برانڈ کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ پیچ کی کہانی اس وقت شروع ہوتی ہے جب وہ ابھی بیس کے اوائل میں تھیں۔ ان کے پاس نہ کوئی کاروباری ڈگری تھی اور نہ ہی کوئی خاص منصوبہ بندی۔ انھوں نے محض اپنے دل کی آواز سنی اور اپنی نانی سے قرض لے کر ایک چھوٹا سا بیوٹی سیلون کھولا۔ اس وقت شاید ہی کسی نے سوچا ہو گا کہ یہی چھوٹا سا قدم آگے چل کر اربوں روپے کی ایمپائر کی بنیاد ڈالے گا۔

پیچ لوئز ولیمز نے ابتدا میں کاسمیٹکس کی ایک دکان پر کاؤنٹر جاب کی۔ یہ کام اگرچہ زیادہ پرکشش نہیں تھا مگر اسی دوران انھیں میک اپ کے فن میں دلچسپی پیدا ہوئی۔ کچھ عرصہ بعد انھوں نے فری لانس میک اپ آرٹسٹ کے طور پر کام کرنا شروع کر دیا۔ انھیں احساس ہوا کہ بیوٹی انڈسٹری میں جدت کی کمی ہے اور اگر کوئی نیا انداز اپنایا جائے تو بڑی کامیابی حاصل ہو سکتی ہے۔ اس وقت ان کے پاس نہ تو کوئی بڑی سرمایہ کاری تھی اور نہ ہی کوئی کاروباری نیٹ ورک۔ مگر ان کے خواب بڑے تھے۔ اسی دوران انھوں نے اپنی نانی سے مدد مانگی۔ نانی جو خود صفائی ستھرائی کا پارٹ ٹائم کام کرتی تھیں، نے اپنی نواسی پر بھروسہ کرتے ہوئے 20 ہزار پاؤنڈ کا انتظام کیا۔ یہ رقم پیچ کے لیے زندگی کا سب سے قیمتی سرمایہ ثابت ہوئی کیونکہ اسی سے انھوں نے اپنا پہلا سیلون شروع کیا۔

سنہ 2014 میں جب پیچ نے اپنی "پی لوئز میک اپ اکیڈمی" کا آغاز کیا تو انھیں بڑی امیدیں تھیں۔ انھوں نے افتتاح کے موقع پر چھوٹے گلاسوں میں لیمبرینی پیش کی اور تصور کیا کہ گاہکوں کی لمبی قطار لگ جائے گی۔ مگر حقیقت بالکل مختلف تھی۔ صرف چند پرانے گاہک آئے اور ماحول ویسا نہ رہا جیسا وہ چاہتی تھیں۔ ابتدائی ناکامیوں نے ان کے حوصلے کو آزمایا۔ انھیں اپنی گاڑی بیچنی پڑی تاکہ دکان کا کرایہ اور اخراجات پورے ہو سکیں۔ لیکن ہار ماننا پیچ کے مزاج میں شامل نہ تھا۔ وہ روز اپنے سیلون جاتیں اور اپنے خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے کوشش کرتی رہیں۔

پیچ کے عزم کے پیچھے ان کے بچپن کی مشکلات بھی کارفرما تھیں۔ ان کی والدہ محض 15 برس کی عمر میں ماں بنی تھیں۔ گھر کے حالات مشکل تھے اور والدہ نے نرس بننے کے خواب کو عملی جامہ پہنانے کے لیے محنت کی۔ پانچ بچوں کی پرورش اور تعلیم نے پیچ کی والدہ کو سخت جان بنا دیا۔

پیچ کہتی ہیں کہ:

"میری والدہ نے مجھے یہ سکھایا کہ پس منظر کچھ معنی نہیں رکھتا۔ اگر دل سے چاہو تو سب کچھ ممکن ہے۔"

یہی تربیت پیچ کے لیے ہمت اور استقامت کا سرمایہ بنی۔

میک اپ کلاسز اور آن لائن کورسز

کاروبار کو چلانے کے لیے پیچ نے سیلون میں میک اپ کلاسز شروع کیں۔ ان کلاسوں کو عوام میں غیر معمولی پذیرائی ملی۔ بعدازاں انھوں نے آن لائن کورسز متعارف کرائے، جس سے دنیا بھر کے طلبا مستفید ہوئے۔ اس وقت لائیو اسٹریمنگ عام نہیں تھی مگر پیچ اور ان کی ٹیم نے سوشل میڈیا کے ذریعے ہزاروں افراد کو کورسز پڑھائے۔ وہ محض دس پاؤنڈ فیس لیتی تھیں، لیکن طلبا کی بڑی تعداد نے اس کمی کو پورا کر دیا۔ اس وقت ان کا ہیش ٹیگ #BenzForLife مشہور ہوا کیونکہ ہر کوئی مالی مشکلات میں مبتلا تھا لیکن خواب زندہ تھے۔

پراڈکٹ ڈیویلپمنٹ کا فیصلہ

پیچ کے کاروبار کا اصل موڑ اس وقت آیا جب انھوں نے مارکیٹ میں موجود خلا کو محسوس کیا۔ ان کا ایک پسندیدہ پراڈکٹ بند ہو گیا جس پر انھوں نے سوچا کہ کیوں نہ خود کوئی پروڈکٹ تیار کیا جائے۔ یوں انھوں نے اپنی مشہور زمانہ آئی شیڈو بیس 'رومر بیس' لانچ کی۔ یہ پراڈکٹ جلد ہی عالمی شہرت اختیار کر گئی اور یوٹیوب کی مشہور انسٹرکٹر نکی ٹیوٹوریلز نے اسے نمبر ون آئی شیڈو بیس قرار دیا۔ یہ لمحہ پیچ کے کیریئر کا سنگ میل ثابت ہوا۔

سوشل میڈیا اور ٹک ٹاک کا کردار

پی لوئز کی کامیابی میں سوشل میڈیا اور خاص طور پر ٹک ٹاک نے اہم کردار ادا کیا۔ پیچ نے ٹک ٹاک شاپ پر اپنی موجودگی کو بڑھایا اور نتائج حیران کن تھے۔ ان کے پراڈکٹس لمحوں میں بکنے لگے یہاں تک کہ اسٹاک ختم ہو جاتا تھا۔

اگست 2024 میں صرف 12 گھنٹوں میں ڈیڑھ لاکھ پاؤنڈ سے زیادہ کی کمائی کر کے پی لوئز نے ٹک ٹاک شاپ پر سب سے زیادہ فروخت کا ریکارڈ بنایا۔ یہ کامیابی انھیں برطانوی برانڈز کی فہرست میں نمایاں مقام دلا گئی۔

عالمی سطح پر توسیع اور گودام کا قیام

جیسے جیسے برانڈ بڑھتا گیا، کمپنی نے مڈلٹن میں آٹھ ہزار مربع فٹ کا گودام خریدا۔ بعدازاں یہ مزید بڑھا کر 36 ہزار مربع فٹ کے ایک بڑے کمپلیکس میں تبدیل کیا گیا جہاں اسٹور اور کیفے بھی شامل ہیں۔ یہ جگہ سیاحوں کے لیے بھی پرکشش مقام بن گئی۔ گذشتہ مالی سال میں پی لوئز نے 71 ملین پاؤنڈ کمائے، جو پاکستانی کرنسی میں 26 ارب روپے سے زائد بنتے ہیں۔ رواں سال کمپنی کی آمدنی 138 ملین پاؤنڈ تک پہنچنے کی توقع ہے جو لگ بھگ 52 ارب روپے کے برابر ہے۔

پہلا ریٹیل اسٹور اور نئی منزلیں

اکتوبر 2025 میں پیچ اپنا پہلا ریٹیل اسٹور ٹریفرڈ پلازو میں کھولنے جا رہی ہیں۔ یہ ان کے لیے ایک اور سنگ میل ہو گا۔ اس اسٹور کا ڈیزائن اور ماحول اس بات کی عکاسی کرے گا کہ پی لوئز برانڈ کس طرح جدت اور فنونِ لطیفہ کو یکجا کرتا ہے۔

پیچ کہتی ہیں:

"میری خواہش ہے کہ جو بھی میری دنیا میں قدم رکھے وہ یہ سمجھے کہ یہاں کچھ بھی ممکن ہے۔"

ملازمین اور تخلیقی ماحول

پیچ کے برانڈ میں ایسے ملازمین بھی ہیں جو اپنی اصل شخصیت کے ساتھ سامنے آ سکتے ہیں۔ انھیں یہاں لباس، انداز اور اظہار میں مکمل آزادی ہے۔ کوئی چاہے تو پریوں کے پر لگا سکتا ہے یا منفرد انداز اپنا سکتا ہے۔ یہ کلچر پی لوئز کو دیگر برانڈز سے ممتاز کرتا ہے۔

تنقید اور حوصلہ

کامیابی کے ساتھ ساتھ تنقید بھی پیچ کے حصے میں آئی۔ کچھ لوگ ان کے انداز کو پسند نہیں کرتے مگر پیچ اس بات کی پرواہ نہیں کرتیں۔ وہ کہتی ہیں:

"میں جانتی ہوں کہ ہر کوئی مجھے پسند نہیں کرتا، لیکن میں ہر دن اپنے خوابوں اور اپنے یقین کے لیے ڈٹی رہتی ہوں۔"

خواتین کے لیے ایک سبق

پیچ لوئز ولیمز کی کہانی خواتین کے لیے ایک سبق ہے کہ خواب چاہے کتنے ہی بڑے کیوں نہ ہوں، اگر ان پر یقین ہو اور محنت کی جائے تو وہ حقیقت میں بدل سکتے ہیں۔ ایک نانی کے قرض سے شروع ہونے والا یہ سفر آج اربوں روپے کی ایمپائر میں بدل چکا ہے۔ پیچ اس بات کی جیتی جاگتی مثال ہیں کہ پس منظر کچھ معنی نہیں رکھتا۔ اصل طاقت حوصلے اور عزم میں ہے۔

پیچ لوئز ولیمز کی زندگی اس بات کا ثبوت ہے کہ مشکل حالات اور وسائل کی کمی خوابوں کی راہ میں رکاوٹ نہیں بنتی۔ اگر دل میں لگن ہو، ہمت ہو اور جدت کے ساتھ محنت کی جائے تو چھوٹا سا آغاز بھی ایک عالمی برانڈ میں بدل سکتا ہے۔

نوٹ: مضامین اور مراسلوں میں ظاہر کی گئی رائے قلم کار کا ذاتی خیال ہے۔ ادارہ کا ان کی رائے سے اتفاق ہونا ضروری نہیں ہے

# سیاحوں کے لیے ترستا ہے



بشکریہ: بی بی سی اردو: کانیسویں صدی میں اٹلی کے بہترین ساحلی ریزارٹس میں لیورنو کا شمار ہوتا تھا اور اسے اپنے یہاں آنے والے مشاہیر مہمانوں پر فخر تھا لیکن آج کل اسے نظر انداز کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے سیاح حیرت و استعجاب سے پُر اس شہر سے دور ہیں۔ سال میں کم از کم دو بار میں اپنے بچپن کے شہر لیورنو جاتا ہوں۔ وہاں پہنچ کر سب سے پہلے میں اس گندی، پر شور اور رنگارنگ مرکزی فوڈ مارکیٹ کا رخ کرتا ہوں جہاں میں فریٹ (شکر میں شرابور نارنجی خوشبو والا ڈونٹ) کھاتا ہوں اور پھر بندرگاہ کی طرف یہ دیکھنے کے لیے نکل آتا ہوں کہ آیا شرارتی بچوں کا سٹینڈ اب بھی وہاں موجود ہے جہاں لیموں کے رس کے ساتھ سمندری مخلوق سپائیکی کو آدھے حصے میں کاٹ کر پیش کیا جاتا ہے۔ پیسا سے صرف 20 کلومیٹر جنوب میں موجود لیورنو میں عام یورپی بندرگاہ والے شہر کی تمام خصوصیات موجود ہیں، یہ جیتا جاگتا اور ہنگامہ خیز ہے۔ یہ کثیر الثقافتی ہے اور یہ ثقافت اور کھانے دونوں لحاظ سے سمندر سے مضبوطی سے جڑا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ یہ ٹسکینی کے وسط میں ہے جس کی وجہ سے اسے خود ہی مقبول ہونا چاہیے۔

پھر بھی یہ فلورنس کے سیاحوں کی تعداد کا صرف 10 فیصد اور پیسا کے ایک تہائی لوگوں کو اپنی جانب راغب کر پاتا ہے اور جو چند سیاح لیورنو میں نظر آتے ہیں انھیں دیکھ کر ایسا لگتا ہے کہ وہ بھولے بھٹکے اتفاقیہ وہاں آ گئے ہیں۔ اگر آپ کو کوئی سڑک پر مل جائے تو اسے روک کر پوچھیں کہ وہ یہاں کیوں آئے ہیں تو وہ ممکنہ طور پر کہیں گے کہ وہ کورسیکا یا سارڈینیا کی کشتی کا انتظار کر رہے ہیں یا بس گاڑی پر ادھر سے گزر رہے ہیں اور کھانے کی کوئی معقول جگہ تلاش کر رہے ہیں۔ لیکن ایسا کیوں ہے؟ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ لیورنو دنیا کے مشہور ٹسکن قصبوں سے گھرا ہوا ہے، جس کے بارے میں بہت سے مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ وہ اس کی چمک ماند کر دیتے ہیں۔ جبکہ بہت سے دوسروں کا خیال ہے کہ ان برسوں میں شہر کے تیل صاف کرنے کے کارخانے، اس کے بندرگاہ والے علاقے اور امریکی فوجی اڈے کیمپ ڈاربی نے لیورنو کو ایک صنعتی اور آلودہ شہر کے طور پر اس مشہور کر دیا ہے۔

لیکن تیز رفتاری سے گزرنے والے مسافروں کو یہ احساس نہیں ہوتا کہ وہ ثقافتی طور پر جیتے جاگتے شہر سے محروم ہو رہے ہیں جہاں ایک دلکش ساحلی پٹی کے ساتھ ان کا ایک منفرد لبرل رویہ ہے جس کی جڑیں اس کے قیام سے جڑی ہوئی ہیں۔ جب اٹلی کے معروف خاندان میڈیس نے سنہ 1500 کی دہائی میں اس شہر کی بنیاد رکھی تھی تو انھوں نے ایسے قوانین بنائے جو تمام نئے آنے والوں، ڈرائنگ کے کاروبار، ہنر مند اور متنوع آبادی کے لیے بے مثال آزادی کی ضمانت دی گئی اور جس نے شہر کو ترقی کی منازل طے کرنے مدد فراہم کی۔ اٹھارویں اور انیسویں صدی تک لیورنو گرینڈ ٹور (یورپ کی وسیع سیاحت) کا ایک اہم پڑاؤ بن گیا تھا۔ مقامی تاریخ دان جورجیو منڈیلس نے کا کہنا ہے کہ 'اس وقت، لیورنو اطالوی اعلیٰ معاشرے کے لوگوں کے لیے موسم گرما میں ایک مقبول سیاحتی مقام تھا۔' انھوں نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ 1800 کی دہائی سے لے کر دوسری جنگ عظیم تک یہ شہر اٹلی کے ان پہلے سمندری کناروں میں سے ایک تھا جہاں ریزارٹس تھے اور جہاں اطالوی شاہی افراد باقاعدگی سے آتے تھے، اور یہاں ہوٹلوں اور سپاز سمیت سیاحت کی سہولیات موجود تھیں۔ یہاں تک کہ رولر کوسٹرز کے ساتھ تفریحی میلہ بھی منعقد ہوتا تھا جسے سنیما کا ابتدائی ورژن کہا جاسکتا ہے۔ اسے موشن پکچر کے علمبردار لومیئر برادرز کے ایجنٹ چلایا کرتے تھے۔ مونٹینیرو کے پڑوس میں ولا ڈوپوئے کی دیوار پر ایک تختی لگی ہے جو کہ انگریزی کے معروف شاعر لارڈ بائرن کی سنہ 1822 میں چھ ہفتے کے لیے لیورنو میں چھٹی گزارنے کے قیام کی یاد میں لگائی گئی ہے۔ تاہم شان و شوکت کے دن ہمیشہ کے لیے نہیں رہنے والے تھے۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران امریکی فضائی حملوں نے عسکری لحاظ سے اہم بندرگاہ کے حامل اس شہر کو اور اس سیٹی سینٹر کو تباہ کر دیا جس کی وجہ سے لیورنو سب سے زیادہ بمباری سے متاثرہ اٹلی کے شہروں میں سے ایک بن گیا۔ بہت سے مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ جنگ کے بعد لاپرواہی اور عجلت میں محلوں کی دوبارہ ترقی کے منصوبوں سے حالات اور بھی خراب ہو گئے۔ مینڈالس کا کہنا ہے کہ 'لیورنو کی عوام میں شبیہہ جو پہلے ہی جنگ کی وجہ سے خراب ہو چکی تھی وہ نئی معقولیت پسند عمارتوں کی وجہ سے مزید تباہ ہوگئی کیونکہ بموں سے بچ جانے والی 17ویں صدی کے فن تعمیرات کے ساتھ ساتھ کھڑی ہونے والی یہ عمارتیں بے ہنگم اور غیر متوازن نظر آتی تھیں۔' رہائشی ان آنکھوں کو چبھنے والی عمارتوں پر تنقید کرتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ اس کے متعلق ایک فیس بک گروپ بھی ہے جس کا نام Sepotessidemolire (اگر میں گرا سکتا۔۔۔)۔ یہ گروپ اپنے ڈسکرپشن میں رہائشیوں سے ایسی عمارتوں کی تصاویر پوسٹ کرنے کی ترغیب دیتا ہے جو 'ان کے منظر کو ٹھیس پہنچاتی ہیں'، یعنی جو ان کی آنکھوں کو بھلی معلوم نہیں ہوتیں۔ فن کی مؤرخ فیڈریکا فالچینی کا کہنا ہے کہ 'لیورنو کے باشندے ابھی تک نام نہاد 'نوبل انٹروپیمینٹو' یا 'مقدس مداخلت' یعنی شہر کے سابقہ پیازا گرانڈے کے عین وسط میں جنگ کے بعد ایک بڑی عقلیت پسند عمارت کے تعمیر کیے جانے کو برداشت نہیں کر سکے ہیں۔ خیال رہے کہ پیازا کبھی یورپ کے سب سے بڑے چوک میں سے ایک ہوا کرتا تھا لیکن اب وہ عمارت کے ایک طرف پارکنگ اور دوسری طرف بس سٹاپ سے زیادہ نہیں رہا ہے۔' مقدس مداخلت سے قطع نظر لیورنو کے پاس مثبت چیزیں بھی ہیں۔ مینڈالس نے کہا 'ہمارے پاس ایسی چیزیں ہیں جو دوسرے 'خصوصی طور پر خوبصورت' ٹسکن شہروں (جیسے فلورنس، لوکا، پیسا اور سیانا) کے پاس نہیں ہیں۔ شہر کی کشادگی اور چمک دمک نے صدیوں سے مصوروں کو اپنی طرف متوجہ کیا ہے، اور لیورنو تاریخ اور فن کے نمونوں سے بھرا ہوا ہے، جیسے کہ قدیم سمندری ریزورٹس، 14ویں صدی کا لائٹ ہاؤس یا نیول اکیڈمی کے سامنے موجود انتخابی ولاز ہیں۔ دیگر ٹسکن شہروں کے برعکس لیورنو کی اپنی ایک تاریخ بھی ہے۔ مقامی طنزیہ میگزین The Vernacoliere کے بانی اور چیف ایڈیٹر ماریو کارڈینالی نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ لیورنو کا قیام 1500 کی دہائی میں فلورنس کے مصنوعی باشندوں کے آباد ہونے سے عمل میں آیا۔ اسے انتہائی آزاد خیال قوانین جسے Livornine کہا گیا کے اصولوں پر آباد کیا گیا جس کے تحت یہاں غیر ملکی تاجروں اور کسی بھی قوم اور نسل سے تعلق رکھنے والے جلاوطنوں کو آباد ہونے کی اجازت تھی، یہاں تک کہ وہ لوگ بھی یہاں آباد ہو سکتے تھے جنھوں نے سوائے قتل کے کسی جرم کے مرتکب رہے ہوں تاکہ شہر میں تجارت اور ترقی کو فروغ حاصل ہو۔ کارڈینالی نے کہا 'لیورنو اپنی مزاحیہ بے غیرتی اور سیاسی انتھارٹی اور چرچ کے تیئں احترام کی کمی کے معاملے میں بہت 'غیر ٹسکن' ہے، اور اس کی تاریخی وجوہات بھی ہیں۔ 'ثقافتوں کا اختلاط، جس میں سیفرڈک یہودی، یونانی، آرمینیائی اور ڈچ شامل تھے، نے ہی اس شہر کو ابتدائی طور پر ترقی دی، لیکن اس کے ساتھ ہی آج جو لیورنو کے باشندے ہیں وہ بھی اسی وجہ سے ایسے ہیں۔ وہ ایسے لوگ ہیں جو دوسرے ٹسکن کے برخلاف قرون وسطیٰ میں رائج عام طور پر نظام کے احترام کو فروغ دینے میں ناکام رہے اور مزاح کے ذریعے وہ اس کا اظہار کرتے ہیں۔ شہر کی مقامی زبان میں لکھی جانے والی میگزن Vern-acoliere اس جذبے کو پوری طرح سے مجسم کرتی ہے۔

# 'بدتمیز' سیاحوں کی عجیب و غریب حرکات



(بشکریہ ویکلی ویزٹری) وہ تعداد میں کم لیکن بدتمیز اور بہت شور مچانے والے ہوتے ہیں اور کبھی کبھار تو خطرناک اور نقصان دہ بھی ثابت ہوتے ہیں۔ دنیا میں ایسے سیاحوں کا چرچا ہو رہا ہے جو سیاحت کے دوبارہ فروغ کے بعد اپنی بدمزاجی کی وجہ سے خبروں کی زینت بن رہے ہیں۔ ایک حالیہ واقعے میں ایک خاتون سیاح میکسیکو میں غیر قانونی طور پر ایک ہزار سال پرانے اہرام پر چڑھ گئی جہاں سے اس کو سکیورٹی نے نکالا تو غصے سے بھرے ہجوم نے گالیاں بھی دیں اور اس واقعے کی ویڈیو ٹک ٹاک پر وائرل ہو گئی۔ مارسیلو ریسی اقوام متحدہ کی عالمی تنظیم برائے سیاحت کے کمیونیکیشن ڈائریکٹر ہیں اور وہ سیاحوں کو مشورہ دیتے ہیں کہ 'اپنا رویہ اس طرح کا رکھیں جیسا اپنے گھر میں رکھتے ہیں۔' اس رپورٹ میں ہم نے 2022، یعنی کورونا کے بعد کے سیاحتی دور کے ان واقعات پر روشنی ڈالی ہے جن میں سیاح کسی دوسرے ملک میں بدتمیزی کے مرتکب ہوئے۔

ان میں ثقافتی ورثہ سمجھے جانے والے مقامات پر سکوٹر اور ڈرون ٹکرانے سے لے کر قدیم تصاویر پر لکھائی اور برہنہ سیلفی جیسے عجیب و غریب واقعات بھی شامل ہیں۔ میکسیکو کی قدیم مایا تہذیب کے کوکلچن اہرام کی 91 سیڑھیاں سیاحوں کے لیے 2008 سے بند ہیں۔ ان پر چڑھنا منع ہے کیونکہ یہ ایک مقدم مقام سمجھا جاتا ہے تاہم 20 نومبر کو ایک خاتون سیاح نے اس قانون کی دھجیاں اڑاتے ہوئے نہ صرف اس اہرام کے اوپر بنے مندر کے کمرے میں پیر رکھے بلکہ وہاں ناچنا شروع کر دیا۔

اس نامعلوم خاتون کو سکیورٹی نے باہر نکالا تو وہاں موجود افراد نے ان پر چلانا شروع کر دیا اور ان کے بال کھینچے۔ اس خاتون پر پانی بھی پھینکا گیا اور ان کے اس عمل پر آن لائن دنیا میں تنقید کی گئی۔ مقامی میڈیا کے مطابق اس خاتون کو بھاری جرمانے کے بعد جیل سے رہا کیا گیا۔ میکسیکو کے نیشنل انسٹیٹیوٹ برائے اینتھروپولوجی اور تاریخ نے ایک بیان میں کہا کہ 'اہرام کو اس واقعے کے دوران کوئی نقصان نہیں پہنچا۔' اس تحریر میں ایسا مواد ہے جو X کی جانب سے دیا گیا ہے۔ کسی بھی چیز کے لوڈ ہونے سے قبل ہم آپ سے اجازت چاہتے ہیں کیونکہ یہ ممکن ہے کہ وہ کوئی مخصوص کوکیز یا ٹیکنالوجیز کا استعمال کر رہے ہوں۔ آپ اسے تسلیم کرنے سے پہلے X ککی پالیسی اور پرائیویسی پالیسی پڑھنا چاہیں گے۔ اس مواد کو دیکھنے کے لیے 'تسلیم کریں، جاری رکھیں' پر کلک کریں۔ اٹلی بین الاقوامی سیاحوں کی ایک اہم منزل ہوتی ہے اور اسی وجہ سے یہاں پر اس طرز کے واقعات بھی زیادہ دیکھنے کو ملتے ہیں۔ جون میں دو امریکی سیاحوں نے روم میں تاریخی ہسپانوی سیڑھیوں پر اپنے سکوٹر پھینک دیے جس سے سنگ مرمر کا ایک ٹکڑا ٹوٹ گیا۔ حکام نے بتایا کہ 18ویں صدی کے اس ثقافتی مقام کی مرمت پر 27 ہزار امریکی ڈالر خرچہ ہو گا۔ اپریل میں ارجنٹائن کے سیاح نے روم میں اپنا ڈرون اڑایا تو تھوڑی دیر بعد وہ 15ویں صدی کے پلازو وینیزا کی چھت سے جا ٹکرایا۔ اس سے چند دن قبل میکسیکو سے آنے والے دو سیاح پیسا کے جھکے ہوئے ٹاور کے ساتھ یہی سلوک کر چکے تھے۔ اکتوبر میں دو فرانسیسی سیاحوں کو اس وقت گرفتار کر لیا گیا جب انھوں نے وینس میں ایک کشتی چرا کر اس پر موجود سجاوٹی سامان پانی میں پھینک دیا۔ اٹلی میں صرف 2022 میں 43 سیاحوں کو اس لیے گرفتار کیا گیا کیونکہ وہ وینس کی نہروں میں تیراکی کر رہے تھے جو ممنوعہ عمل ہے۔ 2021 میں اس جرم میں 24 سیاح گرفتار ہوئے تھے۔

رواں سال اپریل کے مہینے میں انڈونیشیا نے ایک کینیڈین شخص کو اس وقت ملک بدر کر دیا گیا جب ایسی ویڈیوز منظر عام پر آئیں جن میں اسے بالی جزیرے میں باتور پہاڑ کی چوٹی پر برہنہ رقص کرتے دیکھا گیا۔ واضح رہے کہ یہ ایک آتش فشاں چوٹی ہے جسے بالی کی چار مقدس پہاڑیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ اس غیر ملکی سیاح نے بعد میں ویڈیوز کو ہٹا دیا اور اپنے رویے پر معافی مانگی۔ بالی کے امیگریشن آفس کے ڈائریکٹر نے بعد میں ایک بیان جاری کیا جس میں انھوں نے تمام غیر ملکی سیاحوں کو پیغام دیا کہ 'ہمارے قوانین اور ثقافتی اقدار کا احترام کریں۔' سات نومبر کو اہرام مصر کے سامنے ایک خاتون نے برہنہ سیلفی لینے کی کوشش کی تو سکیورٹی حکام نے ان سے درخواست کی کہ وہ کپڑے پہن لیں۔ مصر کی وزارت سیاحت نے اس واقعے کے بعد بیان میں کہا کہ 'کھلے عام کپڑے اتارنا مصر کے قوانین اور روایات کی خلاف ورزی تصور کی جاتی ہے۔' تاہم ان کا کہنا تھا کہ اس خاتون سیاح نے سکیورٹی حکام کی بات مان لی جس کے بعد ان کو 'بنا کسی رکاوٹ کے اپنا سیاحتی دورہ مکمل کرنے دیا گیا۔' پیٹروگلف ایسی نایاب تصاویر کو کہا جاتا ہے جو قدیم تہذیبوں نے پتھروں پر بنائیں تھیں تاہم امریکی ریاست ٹیکساس میں چند سیاحوں نے بگ بینڈ نیشنل پارک میں موجود ایسی ہی ایک نایاب تصویر پر اپنے نام لکھ دیے۔ پارک کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ 'اس عمل سے پیٹروگلف کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا جس میں چند درندوں نے اپنا نام اور تاریخ اس قدیم آرٹ پر لکھ دیا۔' پارک کے بیان میں کہا گیا کہ 'بگ بینڈ نیشنل پارک ہم سب کا ہے اور یہ طرز عمل اس خوبصورتی اور تاریخ کو تباہ کرتا ہے جسے امریکی عوام محفوظ بنانا چاہتے ہیں۔' پولینڈ میں موجود اوشویٹز حراستی مرکز دوسری عالمی جنگ کے اس تاریک باب کی علامت ہے جب یہاں قیدیوں کو موت کے گھاٹ اتارا گیا تھا تاہم جنوری میں جب ایک 29 سالہ خاتون سیاح نے اس پرانے قید خانے کے گیٹ پر نازی سیلوٹ کیا تو اسے گرفتار کر لیا گیا۔ واضح رہے کہ یہ کیمپ ہٹلر کی نازی جرمن حکومت نے پولینڈ پر قبضے کے بعد جنوبی قصبے اوشویکیم میں تعمیر کیا تھا۔ اس مقام پر 10 لاکھ یہودیوں سمیت 11 لاکھ افراد کو موت کے گھاٹ اتارا گیا۔

ان گمنام خاتون پر الزام عائد کیا گیا کہ انھوں نے نازی پروپیگنڈا میں حصہ لیا اور ان پر بھاری جرمانہ عائد کیا گیا۔ پولینڈ کی خبر رساں ایجنسی پی اے پی کے مطابق اس خاتون نے بعد میں کہا کہ 'یہ عمل ایک برا مذاق تھا۔' اقوام متحدہ کے تخمینے کے مطابق 2022 میں جنوری سے ستمبر کے درمیان تقریباً 70 کروڑ سیاحوں نے بین الاقوامی سفر کیا۔ یہ تعداد 2021 کے اسی دورانیے کے مقابلے میں ایک 133 فیصد زیادہ ہے۔ تاہم سیاحوں کی بدتمیزی کے ایسے واقعات کے بعد چند شہر اور حکومتیں ان سے نمٹنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ اٹلی کے شہر سورینٹو میں تیراکی کا لباس پہن کر کھلے عام پھرنے والے سیاحوں پر جولائی میں 520 ڈالر جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ سپین کے شہر ویگو میں ساحل سمندر پر رفع حاجت کرنے والے سیاحوں پر 670 ڈالر کا جرمانہ لگانے کا فیصلہ کیا گیا۔ امریکہ کی ریاست کیلیفورنیا میں حکام نے اعلان کیا ہے کہ اگر کوئی دنیا کے بلند ترین درخت تک پہنچنے کی ضد کرے گا، جو ممنوعہ ہے، تو اسے پانچ ہزار ڈالر جرمانہ اور چھ ماہ تک قید کی سزا ہو سکتی ہے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں سیاحوں نے اس درخت کو نقصان پہنچایا تھا۔ اقوام متحدہ کی عالمی تنظیم برائے سیاحت کے کمیونیکیشن ڈائریکٹر مارسیلو ریسی کا کہنا ہے کہ اس طرح کا سلوک کسی کو قبول نہیں۔ وہ تسلیم کرتے ہیں کہ سیاحوں کی اکثریت نئے تجربات کرنا چاہتی ہے اور سفر کی شوقین ہے جو دیگر ثقافتوں کے بارے میں جاننے کی خواہش رکھتی ہے اور اچھا رویہ اپناتی ہے۔ انھوں نے سیاحوں کو مشورہ دیا کہ بیرون ملک ویسا ہی رویہ اپنائیں جیسا اپنے گھر میں اپناتے ہیں۔

تقریباً 2500 برہنہ رضاکاروں نے آسٹریلیا کے شہر سڈنی کے مشہور ساحل بونڈائے پر علی الصبح تصاویر کے لیے پوز کیا جس کا مقصد جلد کے کینسر کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا تھا۔ یہ امریکی فوٹوگرافر سپینسر ٹیونک کا تازہ ترین پراجیکٹ ہے جس کے ذریعے آسٹریلیا کے لوگوں کو جلد کا باقاعدگی سے معائنہ کرنے کی ترغیب دینا تھا۔ اس شوٹ کے لیے ساحل پر برہنہ ہونے سے متعلق قانون کو تبدیل کیا گیا تھا۔ ورلڈ کینسر ریسرچ فنڈ کے مطابق آسٹریلیا دنیا کا وہ ملک ہے جو جلد کے کینسر سے سب سے زیادہ متاثر ہے۔ صبح تین بج کر تیس منٹ سے رضاکاروں نے ساحل پر جمع ہونا شروع کر دیا تاکہ وہ اس تقریب کا حصہ بن سکیں۔ یہ فوٹو شوٹ سکن چیک چیمپیئنز نامی فلاحی ادارے کے تعاون سے منعقد کروایا گیا تھا اور یہ سکن کینسر سے متعلق آگاہی کا ہفتہ ہے۔ مقبول فنکار ٹیونک نے روئٹرز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ 'ہمارے پاس جلد کا معائنہ کروانے کے لیے آگاہی فراہم کرنے کا یہ اچھا موقع ہے۔ یہاں آکر میں نے آرٹ بنایا اور جسم کے بارے میں فرسودہ خیالات کا خاتمہ کرنا ہے اور اس کی حفاظت کے بارے میں آگاہی پھیلائی۔'

# چپل پہن کر ڈرائیونگ



بشکریہ: جی این ایس پی

ذرا سوچیں کہ آپ کی فلائٹ ابھی ترکی کے شہر انطالیہ میں اتری ہے اور آپ بے تاب ہیں کہ بس آپ جہاز سے اتریں اور اپنی چھٹیوں سے لطف اندوز ہو سکیں۔ آپ نے سیٹ بیلٹ کھولی، فوراً اپنی نشست سے اٹھے اور جہاز کے رکنے سے پہلے اوپر والے لاکر سے بیگ نکال لیا لیکن یہ عجلت آپ کو اب مہنگی پڑنے والی ہے کیونکہ ایک ایئر ہوسٹس آپ کو الگ بلا کر فوراً 62 یورو (54 پاؤنڈ) کا جرمانہ تھما دیتی ہے اور وجہ یہ ہے کہ آپ نے ایک نیا قانون توڑ دیا ہے۔ جی ہاں اس سال سے اگر جہاز کے رکنے اور ٹیکسی کرنے سے پہلے کسی مسافر نے سیٹ بیلٹ کھولی یا نشست سے اٹھا تو اسے جرمانے کا سامنا کرنا ہوگا اور یوں آپ کی چھٹی کا آغاز ایک ناخوشگوار لمحے سے ہو گا۔ ان گرمیوں میں یورپ نے غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والے سیاحوں پر سختی کرنا شروع کر دی ہے۔ چپل پہن کر گاڑی چلانے سے لے کر ساحل سمندر پر سگریٹ پینے تک، نئے قوانین کے تحت مختلف قسم کے جرمانے یورپ بھر میں نافذ ہو رہے ہیں۔ پرتگال کے مشہور ساحلی قصبے البوفیرا میں ساحل کی حدود سے باہر سوئمنگ سوٹ پہننے پر آپ پر 1,500 یورو (1,307 پاؤنڈ) تک کا جرمانہ ہو سکتا ہے۔ مایورکا اور ابیزا سمیت سپین کے جزائر بلیار میں عوامی جگہوں پر شراب نوشی پر آپ کو 3,000 یورو (2,615 پاؤنڈ) تک کا نقصان اُٹھانا پڑ سکتا ہے۔ حتیٰ کہ معمولی خلاف ورزیاں جیسے کہ سن بیڈ پر تولیہ رکھ کر غائب ہو جانا بھی آپ کی چھٹیوں کے بجٹ پر بڑا کٹ لگا سکتی ہیں۔

یہ تفریحی مقامات اپنی آمدنی کا بڑا حصہ سیاحوں سے کماتے ہیں، اس لیے بظاہر ان اقدامات سے ایسا لگ رہا ہے کہ جیسے سیاحت سے ہونے والی آمدنی کو نقصان پہنچایا جا رہا ہو لیکن حکام کا کہنا ہے کہ یہ قوانین مقامی رہائشیوں اور ذمہ دار سیاحوں کے تحفظ کے لیے بنائے گئے ہیں۔

لندن میں ہسپانوی ٹورازم آفس کی ہیڈ آف پریس جیسیکا ہاروی ٹیلر کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ 'یہ قوانین چاہے سننے میں سخت لگیں لیکن ان کا مقصد دراصل ذمہ داری کا احساس اور سفر کے دوران دوسروں کا خیال رکھنے کی سوچ کو فروغ دینا ہے۔' ان کے مطابق 'یہ قوانین اس لیے بنائے گئے ہیں کہ وہ لوگ جو چھٹیوں میں سفر کے دوران زیادہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہیں ان کے تجربات اور سفر کو محفوظ بنایا جاسکے۔' سپین کے شہر مالاگا میں اس حوالے سے 10 نکاتی مہم شروع کی گئی ہے جس میں بسوں، بل بورڈز اور سوشل میڈیا پر پیغام لکھا گیا ہے کہ 'اپنے قیام کو بہتر بنائیں۔' بی بی سی اردو کی خبروں اور فیچرز کو اپنے فون پر حاصل کریں اور سب سے پہلے جانیں پاکستان اور دنیا بھر سے ان کہانیوں کے بارے میں جو آپ کے لیے معنی رکھتی ہیں اس پیغام میں سیاحوں کا کہا گیا ہے: باوقار لباس پہنیں، کچرا نہ پھینکیں، حد سے زیادہ شور نہ مچائیں اور ای-سکوٹر کا غیر محتاط استعمال نہ کریں۔ ان ہدایات پر عمل نہ کرنے والوں پر 750 یورو (650 پاؤنڈ) تک کا جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔

اس طرح البوفیرا میں بھی عوامی مقامات پر اسی نوعیت کا ایک ضابطہ اخلاق اس سال نافذ کیا گیا ہے، جس کے تحت عوامی مقامات پر برہنہ ہونے سے لے کر کھلے عام پیشاب کرنے اور شاپنگ کارٹس کو چھوڑ دینے جیسے اقدامات پر پابندی عائد ہے۔ مقامی افراد کے مطابق یہ جرمانے صرف دکھاوا نہیں ہیں۔ پولیس شہر کے اہم نائٹ لائف علاقوں میں نظر آتی ہے اور سیاحوں کو جرمانے کے لیے ٹکٹس جاری کیے جا رہے ہیں۔ ایسے ضابطہ اخلاق ماحولیاتی یا ثقافتی لحاظ سے حساس علاقوں میں عام ہیں، تاہم ان کا مرکزی ساحلی ریزورٹس پر نفاذ ایک بڑی تبدیلی کی نشاندہی کرتا ہے۔ سیاحت میں غیر ذمہ دارانہ رویے بڑھتے جا رہے ہیں اور حکام قصبوں اور رہائشیوں کو سیاحت کے بدترین اثرات سے بچانے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ رواں سال مایورکا کے شہر کالویا کے میئر نے اپنے ایک خطاب میں کہا تھا کہ 'ہمیں دو اہم نکات کو ذہن میں رکھ کر عمل کرنا ہو گا۔ ماحولیاتی تحفظ اور بقا اور ساتھ میں یہ بھی یقینی بنانا ہو گا کہ سیاحت ہمارے سماج کے ساتھ ہم آہنگ ہو۔ سیاحت کو شہریوں پر بوجھ نہیں بننا چاہیے۔'


رواں سال لگائے نافذ کیے جانے والے جرمانوں کی فہرست میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ رایان ایئر سفر کے دوران بدنظمی کرنے والے مسافروں سے 500 یورو (435 پاؤنڈ) یا اس سے زیادہ جرمانہ وصول کر سکتی ہے۔ اٹلی کے سیاحتی مقام 'چنک وے تیرے' میں نامناسب جوتے پہن کر ہائکنگ کرنے والوں کو 2,500 یورو (2,180 پاؤنڈ) تک جرمانہ دینا پڑ سکتا ہے۔ فرانس میں عوامی ساحلوں اور کھیل کے میدانوں میں سگریٹ پینے پر فوری طور پر 90 یورو (78 پاؤنڈ) کا جرمانہ ہے۔ یونان میں ایک سی شیل اٹھانے پر 1,000 یورو (870 پاؤنڈ) کا نقصان ہو سکتا ہے اور وینس کی نہروں میں تیراکی کرنے پر 350 یورو (305 پاؤنڈ) فائن لگتا ہے۔ ذمہ دار سیاحت کی حامی برگتا کونگ کہتی ہیں کہ مقامی لوگ موجودہ صورتحال سے نالاں ہیں۔ 'یہ جرمانے اس بات کا اشارہ ہیں کہ کمیونٹیز اپنا مقام واپس لینا چاہتی ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ سیاح بدتمیز ہو گئے ہیں بلکہ برداشت ختم ہو گئی ہے۔ یہ سوچنا بھی ضروری ہے کہ ہر جرمانہ کریک ڈاؤن نہیں ہوتا بلکہ کچھ احترام کی اپیل بھی ہوتے ہیں۔' یورپ میں اینٹی ٹورازم اور ضرورت سے زیادہ سیاحت کے خلاف مظاہرے گزشتہ برسوں سے بڑھ رہے ہیں۔ مقامی حکام یہ سمجھ رہے ہیں کہ انھیں مقامی رہائشیوں کے حق میں کھڑا ہونا ہو گا اور اس مقصد کے لیے وہ سیاحوں کو ناراض کرنے کا خطرہ مول لینے کو بھی تیار ہیں۔ یہ سیاحوں کے لیے ایک پیغام بھی ہے کہ گھر سے باہر ہونا اس بات کا اجازت نامہ نہیں کہ آپ جو چاہیں کر لیں۔



# جنوبی افریقہ نے سیریز 2-1 سے جیت لی



نئی دہلی،24 اگست (ہ س)۔ آسٹریلیانے تیسرے اور آخری ون ڈے میں جنوبی افریقہ کو276 رنز سے شکست دے دی۔ آسٹریلیا کے شہر میکے میں کھیلے گئے میچ میں میزبان ٹیم نے مقررہ50 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر 431 رنز کا بڑا اسکور بنایا۔ جواب میں مہمان ٹیم صرف 155 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ جنوبی افریقہ بھلے ہی آخری میچ ہار گیا ہو لیکن اس نے پہلے دو میچ جیتے تھے۔ اس طرح جنوبی افریقہ نے تین ایک روزہ میچوں کی سیریز 2-1 سے جیت لی۔ اس سے قبل آسٹریلیانے جنوبی افریقہ کو تین میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں 2-1 سے شکست دی تھی۔ میچ میں ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے آسٹریلیانے اوپنرز ٹریوس ہیڈ اور مچل مارش کی شاندار شروعات کی۔ دونوں بلے بازوں نے پہلی وکٹ کے لیے 250 رنز کی بڑی شراکت داری کی۔ ٹریوس ہیڈ نے 103 گیندوں پر 142 رنز کی تیز سنچری کھیلی۔ ہیڈ نے اپنی اننگز میں 17 چوکے اور 5 چھکے لگائے۔ مچل مارش نے 106 گیندوں پر 100 رنز بنائے۔ ان دونوں کی وکٹیں گرنے کے بعد کیمرون گرین اور ایلکس کیری نے تیزی سے رنز بنائے اور ٹیم کا اسکور 50 اوورز میں 2 وکٹوں پر 431 رنز تک پہنچادیا۔ گرین نے 55 گیندوں پر ناٹ آو<?>ٹ 118 رنز کی طوفانی اننگز کھیلی۔ گرین نے اپنی اننگز میں 6 چوکے اور 8 چھکے لگائے۔ اس کے ساتھ ہی ایلکس کیری نے سات چوکوں کی مدد سے ناقابل شکست 50 رنز بنائے۔ 432 رنز کے بڑے ہدف کے تعاقب میں اترنے والی جنوبی افریقہ کی ٹیم کا آغاز خراب رہا۔ ٹیم نے 50 رنز پر چار وکٹیں گنوادیں۔ ایڈن مارکرم 2 رنز، ریان رکلٹن 11 رنز، ٹیمبا باوما 19 اور ٹرسٹن اسٹبس ایک رن بنانے کے بعد آو<?>ٹ ہوئے۔ اس کے بعد ٹونی ڈی زورزی (33 رنز) اور ڈیولڈ بریوس (49 رنز) نے کچھ رنز بنائے لیکن کوئی بھی بلے باز بڑی اننگز نہ کھیل سکا۔ پوری ٹیم 24.5 اوورز میں 155 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ جنوبی افریقہ کی سب سے بڑی شکست، آسٹریلیا کی دوسری بڑی جیت۔ اس آخری ون ڈے میں آسٹریلیانے جنوبی افریقہ کو 276 رنز کے بڑے مارجن سے شکست دی۔ یہ جنوبی افریقہ کی ون ڈے میں رنز کے فرق سے سب سے بڑی شکست ہے۔



شائقین بارش سے خود کو بچانے کے لیے چھتریوں کے نیچے انتظار کر رہے ہیں، سینٹ لوشیا کنگز بمقابلہ بارباڈوس رائلز، سی پی ایل 2025، گروس آئیلیٹ، 24 اگست 2025

## ایشوریہ پرتاپ سنگھ تومر نے 50 میٹر رائفل تھری پوزیشن ایونٹ میں طلائی تمغہ جیتا



شیمکنت، (قازقستان) 24 اگست (ہ، س) ایشین شوٹنگ چیمپئن شپ 2025 میں اتوار کو ہندوستان کے ایشوریہ پرتاپ سنگھ تومر نے مردوں کے 50 میٹر رائفل تھری پوزیشن ایونٹ میں طلائی تمغہ جیت لیا۔ آج یہاں کھیلے گئے فائنل میچ میں ایشوریہ پرتاپ سنگھ تومر نے چین کے ژاؤ وینیو (462.0) کو شکست دی اور 462.5 پوائنٹس کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا۔ ایشوریہ کا اسی ایونٹ میں یہ دوسرا ایشین ٹائٹل ہے، اس سے قبل انہوں نے 2023 میں بھی گولڈ میڈل جیتا تھا۔ اکھل شیوران نے بھی اس سال فائنل میں جگہ بنائی تھی لیکن وہ پانچویں نمبر پر رہے جبکہ ایک اور ہندوستانی شوٹر چین سنگھ چوتھے نمبر پر رہے۔ جاپان کے نادیا اوکاڈا نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

## ٹینس اسٹار راجر فیڈرر دنیا کے ساتویں ارب پتی ایتھلیٹ بنے



نیویارک، 25 اگست (ایچ ٹی) امریکی بزنس میگزین 'فوربس' کے تخمینے مطابق ٹینس کے مشہور کھلاڑی راجر فیڈرر تاریخ میں ساتویں ارب پتی ایتھلیٹ بن گئے ہیں۔ سی این این کی رپورٹ کے مطابق راجر فیڈرر نے سال 2022 میں ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا۔ اُن کی مجموعی دولت کا تخمینہ ایک اعشاریہ ایک ارب ڈالر لگایا گیا ہے، جس میں ان کے جوتوں اور کپڑوں کے برینڈ 'آن' میں اُن کے حصہ کی وجہ سے ہونے والا اضافہ بھی شامل ہے۔ راجر فیڈرر ٹینس کے دوسرے ارب پتی کھلاڑی ہیں۔ ان سے پہلے رومانیہ کے کھلاڑی ایون سیریاک نے سال 1970 کے 'فرینچ اوپن' کے مقابلوں میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد سرمایہ کاری کرنا شروع کردی تھی۔ ان کے علاوہ باسکٹ بال کھلاڑی مائیکل جارڈن، میجک جانسن اور لیبرون جیمز، باسکٹ بال ٹیم 'ملواکی بکس' کے کھلاڑی جونیئر برج اور گولف اسٹار ٹائیگر ووڈز بھی ارب پتیوں میں شامل ہیں۔

## ہریانہ نے خواتین کی قومی ریسلنگ چیمپئن شپ جیت لی



رانچی، 23 اگست (یواین آئی) ہریانہ نے یہاں منعقدہ انڈر 23- قومی ریسلنگ چیمپئن شپ (فری اسٹائل، گریکو-رومن اسٹائل اور خواتین کی ریسلنگ) میں 220 پوائنٹس کے ساتھ خواتین کے زمرے کا خطاب جیت لیا ہے۔ مقابلے کے دوسرے دن، خواتین کی ریسلنگ کے مقابلے تمام 10 ویٹ کیٹیگریز میں منعقد ہوئے اور نتائج اس طرح رہے۔ مہاراشٹر نے 164 پوائنٹس کے ساتھ دوسرا اور اترپردیش نے 118 پوائنٹس کے ساتھ تیسرا مقام حاصل کیا۔ ہریانہ کی ہنی کماری نے 50 کلوگرام، ہنسیکا نے 53 کلوگرام، سویتا نے 62 کلوگرام، پلکت نے 65 کلوگرام، منجو نے 72 کلوگرام اور سمرن نے 76 کلوگرام زمرے میں طلائی تمغے جیتے۔ گریکو-رومن مقابلے اتوار کو تمام ویٹ کیٹیگریز میں شروع ہوں گے۔

# ثاقب نے 500 ٹی ٹوئنٹی وکٹیں مکمل کرلیں



انٹیگوا، 25 اگست (ہ س)۔ کیریبین پریمیئر لیگ (سی پی ایل 2025) میں، انٹیگوا اور باربوڈا فالکن نے اتوار کی رات سینٹ کٹس اینڈ نیوس پیٹریاٹس کو شکست دے کر اپنے ہوم لیگ کا خاتمہ کیا اور پوائنٹس ٹیبل پر اپنی جگہ برقرار رکھی۔ اس میچ میں بنگلہ دیش کے تجربہ کار آل راؤنڈر ثاقب الحسن نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور صرف دو اوور میں 11 رن دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں اور اپنی 500 ٹی ٹوئنٹی وکٹیں مکمل کرلیں۔ بیٹنگ میں کریمہ گور نے ناقابل شکست 52 رن بنا کر ٹیم کو 7 وکٹوں سے فتح دلائی۔ پیٹریاٹس نے ابتدا میں محتاط انداز میں بلے بازی کی۔ آندرے فلیچر نے کچھ اچھے شاٹس لگائے لیکن جے ڈن سیلز نے انہیں آؤٹ کیا۔ اسی دوران ایون لوئس زخمی ہو کر میدان چھوڑ گئے۔ ریلی روسو نے پاور پلے میں دو چوکے لگائے لیکن رن ریٹ 5 کے آس پاس رہا۔ پاور پلے کے بعد روسو بھی آؤٹ ہوگئے۔ لیوس واپس آئے اور بڑے شاٹس مارے لیکن سلمان ارشاد نے انہیں کیچ آؤٹ کرادیا۔ اس کے بعد ثاقب نے پہلے محمد رضوان (30) کو آؤٹ کر کے اپنی 500 ویں ٹی ٹوئنٹی وکٹ حاصل کی اور پھر کائل میئرز اور نوین بڈیسی کو پویلین بھیج دیا۔ آخری اوور میں تین رن آؤٹ تھے اور پیٹریاٹس 20 اوور میں 9/133 تک ہی پہنچ سکے۔ ہدف کے تعاقب میں راہکیم کارن وال نے تین چوکوں کی مدد سے عمدہ آغاز کیا جب کہ جیول اینڈریو نے بھی جارحانہ بیٹنگ کی۔ کارن وال (ایک تیز 17 رن) کے آؤٹ ہونے کے بعد رن ریٹ کچھ کم ہوا لیکن اینڈریو (28) اور گور نے صورتحال کو قابو میں کرلیا۔ ثاقب نے دو چھکے اور ایک چوکا بھی لگایا۔ آخر میں پیٹریاٹس نے گور اور اینڈریس گاس کے آسان کیچز چھوڑ کر میچ ہار دیا۔ گور نے وننگ چار مار کر ناقابل شکست 52 رن مکمل کیے اور فالکن نے 19.4 اوور میں ہدف حاصل کرلیا۔

مختصر اسکور

سینٹ کٹس اینڈ نیوس پیٹریاٹس: 9/133 (20 اوور)– ایون لیوس 32، محمد رضوان 30؛ ثاقب الحسن 3/11، سلمان ارشاد 1/20، جیڈن سیلز 1/20

انٹیگوا اور باربوڈا فالکن: 3/137 (19.4 اوور)– کریمہ گور 52*، جیول اینڈریو 28؛ وقار سلام خیل 1/16، نوین بڈیسی 1/17 فالکن 7 وکٹوں سے جیت گئے۔

## بیلنڈا کلارک کو اسپورٹ آسٹریلیا ہال آف فیم میں لیجنڈ کا درجہ دیا گیا



سڈنی، 25 اگست (ہ س)۔ آسٹریلیا کی سابق کپتان بیلنڈا کلارک کو اسپورٹ آسٹریلیا ہال آف فیم نے 'لیجنڈ' کا درجہ دے دیا ہے۔ کلارک یہ اعزاز حاصل کرنے والی چھٹی کرکٹر بن گئی ہیں۔ ان سے پہلے ڈان بریڈمین، کیتھ ملر، رچی بیناؤڈ، ڈینس للی اور شین وارن یہ اعزاز حاصل کرچکے ہیں۔ ہال آف فیم نے اسے کھیل میں ان کی شاندار کارکردگی، طویل کیریئر، جذبہ اور شراکت کا اعتراف قرار دیا۔ کلارک کا شمار دنیا کے بہترین بلے بازوں میں ہوتا ہے۔ 1991 سے 2005 تک اپنے کیریئر میں، انہوں نے ون ڈے میں 47.49 اور ٹیسٹ میں 45.95 کی اوسط سے رن بنائے۔ صرف 23 سال کی عمر میں کپتان بننے والی کلارک نے یہ ذمہ داری 11 سال تک نبھائی۔ ان کی کپتانی میں آسٹریلیا نے 101 میں سے 83 ون ڈے جیتے اور دو ورلڈ کپ جیتے۔ کلارک 1997 کے ورلڈ کپ میں ڈنمارک کے خلاف ناقابل شکست 229 رن بنا کر ون ڈے میں ڈبل سنچری بنانے والی پہلی کھلاڑی (مرد یا خاتون) بن گئیں۔ اپنے کھیل کے کیریئر کے بعد بھی، کلارک نے خواتین کی کرکٹ کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کرکٹ آسٹریلیا میں ایڈمنسٹریٹر اور آئی سی سی خواتین کی کمیٹی کی رکن کے طور پر تعاون کیا۔ کلارک نے کہا، یہ ایک ناقابل یقین اعزاز ہے۔ میں فخر، شکرگزار اور حیرت کا مرکب محسوس کر رہی ہوں۔ کرکٹ ایک ٹیم کا کھیل ہے اور یہ کامیابی بھی میری ٹیم کے ساتھیوں، کوچز اور معاون عملے کی محنت کا نتیجہ ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ خواتین کی کرکٹ درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے۔

## ہندوستان کی انڈر 17 خواتین ٹیم نے سیف انڈر 17 چیمپئن شپ میں بھوٹان کو 0-8 سے شکست دی




تھمپو (بھوٹان)، 24 اگست (یو این آئی) انوشکا کماری کی شاندار ہیٹ ٹرک کی بدولت ہندوستان کی انڈر 17 خواتین کی ٹیم نے میزبان بھوٹان کو 0-8 سے شکست دے کر سیف انڈر 17 خواتین چیمپئن شپ 2025 میں اپنا شاندار ریکارڈ برقرار رکھا۔ ہندوستانی خواتین ٹیم کی یہ مسلسل تیسری جیت ہے۔ آج یہاں چانگلیمتھنگ اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے میچ میں انوشکا کماری (53ویں، 61ویں، 73ویں) کی شاندار کارکردگی کے علاوہ ہندوستانی ٹیم کی جانب سے ابیتا بسنیٹ (23ویں، 89ویں) نے دو گول کیے، جب کہ پرل فرنینڈس (71ویں)، دیویانی لنڈا (77ویں) اور والینا فرنینڈس (09ویں) نے بھی گول کیا۔ میچ کے ہاف ٹائم تک ہندوستان 0-1 سے آگے تھا۔ دوسرے ہاف میں غلبہ حاصل کرتے ہوئے ہندوستانی ٹیم نے 0-8 سے کامیابی حاصل کی۔ ہندوستانی ٹیم ٹورنامنٹ میں اب تک 17 گول کرچکی ہے۔ اس جیت کے ساتھ ہندوستان کے اب تین میچوں میں نو پوائنٹس ہوگئے ہیں۔

## کوریا کی ہاکی ٹیم ٹائٹل کے دفاع کے لیے بہار پہنچ گئی



لکھنو، 25 اگست (ہ س)۔ راجگیر، 25 اگست (ہ س)۔ ایشیا کپ 2025 کے لیے دفاعی چیمپئن کوریا کی مردوں کی ہاکی ٹیم اتوار کی رات بہار پہنچ گئی۔ کپتان جونگسوک بے کی قیادت میں کوریا کی ٹیم اپنا تسلط برقرار رکھنے کے ارادے سے اس باوقار ٹورنامنٹ میں داخل ہوگی۔ یہ ٹورنامنٹ 29 اگست سے 7 ستمبر تک راجگیر میں کھیلا جائے گا۔ کوریا اب تک کی سب سے کامیاب ٹیم رہی ہے جس نے ریکارڈ پانچ مرتبہ مینز ایشیا کپ کا ٹائٹل جیتا ہے۔ ان کا آخری ٹائٹل 2022 میں جکارتہ میں آیا تھا، جب انہوں نے فائنل میں ملائیشیا کو 1-2 سے شکست دی تھی۔ عالمی ہاکی رینکنگ میں اس وقت 13ویں نمبر پر موجود کوریا کو پول بی میں رکھا گیا ہے جہاں اس کا مقابلہ ملائیشیا، بنگلہ دیش اور چائنیز تائپے سے ہوگا۔ ٹیم اپنا پہلا میچ 29 اگست کو چائنیز تائپے کے خلاف کھیلے گی، اس کے بعد 30 اگست کو ملائیشیا اور یکم ستمبر کو بنگلہ دیش کے خلاف پول مرحلے کا اختتام کرے گی۔ کپتان جونگسوک بے نے آمد پر کہا، یہ راجگیر میں ہمارا پہلا ٹورنامنٹ ہے اور یہاں ہمارا استقبال بہت خاص اور دل کو چھو لینے والا ہے۔ لوگوں کی مہمان نوازی اور جوش نے اس ٹورنامنٹ کو ہمارے لیے مزید خاص بنا دیا ہے۔ ٹائٹل کے دفاع کے چیلنج پر بے نے کہا کہ یہ کہنا آسان نہیں ہے کہ ہم ٹائٹل کا دفاع کریں گے کیونکہ ہر ٹیم مضبوط ہے اور میچز سخت ہوں گے لیکن ہم وعدہ کرتے ہیں کہ ہم میدان میں اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے اور پورے عزم اور جذبے کے ساتھ کھیلیں گے۔ ہماری کوشش ہوگی کہ ٹریننگ میں کی گئی محنت کو کارکردگی میں بدلیں اور مثبت نتائج کے ساتھ واپسی کریں۔

Printer, Publisher, Owner & Editor: Nazir Ahmad Shah Printed at: Khidmat Offset Press, The Bund Abi Guzar Srinagar Place of Publication: Court Road Srinagar Kashmir, R.N,I No: 68600/92 Postal No: JK-82 Post Box No.: 883, Email: dailyshahanshah@gmail.com Website: www.dailyshahanshah.net New Delhi Bureau in Charge: MS Tuni Pradhan, Contact: 8800367569, Legal Advisor: Ahtisham-ul-Hassan Shah, IT Advisor: Dr. Rizwan Alam, Graphics: SuhailBhat